وفاق المدارس العربیہ پاکستان

رجب المرجب ۱۴۳۵ / 2014

الورقة الرابعه فی الصرف

السوال الاوّل: (الف)(۱) فعل مضارع معروف بنانے کا قاعدہ لکھ کر "یختتم" سے گردان لکھیں۔(۱۳)

(۲) اور گردان کا ترجمہ بھی تحریر کریں۔ (۱۰)

(۳) جمع مذکر غائب فعل مضارع معروف کے مختلف ابواب سے دس صیغے تحریر کریں۔ (۱۰)

جواب: امور مطلوبہ: (۱) فعل مضارع معروف کا قاعدہ اور یختتم کی گردان۔(۲) گردان کا ترجمہ (۳) صیغہ جمع مذکر غائب مضارع معروف کے مختلف ابواب سے دس صیغے۔

(۱) مضارع معروف بنانے کا قاعدہ:۔

ماضی کے شروع میں ایک حرف چار حرفوں میں سے لگادو وہ چار حرف یہ ہیں۔ الف، تا، یا، ن کہ مجموعہ ان کا اَتین ہے۔ ان چار حرفوں کو مضارع کی علامت کہتے ہیں۔ الف صرف ایک صیغہ واحد مذکر و مؤنث متکلم کے شروع میں آتا ہے۔ اور تا آٹھ صیغوں میں یعنی تین مذکر حاضر، تین مؤنث حاضر اور دو مؤنث غائب اور یا مذکر غائب کے تین صیغوں اور جمع مؤنث غائب میں اور نون تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم کے شروع میں لگادو۔

مضارع کے آخر میں پانچ صیغوں میں پیش لگا دو وہ پانچ صیغے یہ ہیں۔ واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، تثنیہ و جمع متکلم۔

سات صیغوں میں نون اعرابی لگا دو وہ سات صیغے یہ ہیں۔ چار تثنیہ کہ ان میں نون اعرابی مکسور ہوتا ہے۔ اور دو جمع مذکر غائب و جمع مذکر حاضر۔ ایک واحد مؤنث حاضر کہ ان میں نون اعرابی مفتوح ہوتا ہے۔ اور نون جمع مؤنث جیسا کہ ماضی میں آتا ہے۔ مضارع میں بھی آتا ہے۔

یختم سے گردان:۔

۱	یَخْتِمُ	۲	یَخْتِمَانِ	۳	یَخْتِمُوْنَ	۴	تَخْتِمُ	۵	تَخْتِمَانِ
۶	یَخْتِمْنَ	۷	تَخْتِمُ	۸	تَخْتِمَانِ	۹	تَخْتِمُوْنَ	۱۰	تَخْتِمِیْنَ
۱۱	تَخْتِمَانِ	۱۲	تَخْتِمْنَ	۱۳	اَخْتِمُ	۱۴	نَخْتِمُ		

(۲) گردان کا ترجمہ:۔

(۱) ختم کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد

(۲) ختم کرتے ہیں یا کرے گے وہ دو مرد

(۳) ختم کرتے ہیں یا کرے گے وہ سب مرد

(۴) ختم کرتی ہے یا کرے گی وہ ایک عورت

(۵) ختم کرتی ہیں یا کرینگی وہ دو عورتیں

(۶) ختم کرتی ہیں یا کرینگی وہ سب عورتیں

(۷) ختم کرتا ہے یا کرے گا تو ایک مرد

(۸) ختم کرتے ہو یا کرو گے تم دو مرد

(۹) ختم کرتے ہو یا کرو گے تم سب مرد

(۱۰) ختم کرتی ہو یا کرو گی تو ایک عورت

(۱۱) ختم کرتی ہو یا کرو گی تم دو عورتیں

(۱۲) ختم کرتی ہو یا کرو گی تم سب عورتیں

(۱۳) ختم کرتا رکرتی ہوں یا کروں گا رگی میں ایک مزد یا ایک عورت۔

(۱۴) ختم کرتے رکرتی ہیں یا کریں گے رگی ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں۔

(۳) جمع مذکر غائب مضارع معروف کا صیغہ مختلف دس ابواب کے ساتھ:۔

۱	یَفْعَلُوْنَ	۲	یَکْتُبُوْنَ	۳	یَمْنَعُوْنَ	۴	یَأْکُلُوْنَ	۵	یَشْرَبُوْنَ
۶	یَسْمَعُوْنَ	۷	یَعْلَمُوْنَ	۸	یَتْرُکُوْنَ	۹	یَجْلِسُوْنَ	۱۰	یَنْصُرُوْنَ

یا

السوال الف: (ب)(۱) مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ لکھیں۔ (۱۰)

(۲) کَتَبَ یَکْتُبُ سے گردان لکھ کر ترجمہ بھی کریں۔ (۱۳)

(۳) اُردو میں ترجمہ کریں: یَحْمِلْنَ ، لَمْ تُنْذِرْ، یُخٰدِعُوْنَ ، مَا یَخْدَعُوْنَ ، فَزَادَهُمْ، یَکْذِبُوْنَ ، مُصْلِحُوْنَ۔ (۱۰)

جواب: امور مطلوبہ: (۱) مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ (۲) کَتَبَ یَکْتُبُ سے گردان مع ترجمہ (۳) اُردو ترجمہ۔

(1) مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ:۔

علامت مضارع کو پیش دے دو اگر پیش نہ ہو اور آخر سے پہلے حرف کو زبر دے دو اگر زبر نہ ہو باقی حالت بدستور رہنے دو۔ مضارع مجہول بن جائے گا جیسے یَضْرِبُ سے یُضْرَبُ، یَسْمَعُ سے یُسْمَعُ، یُکْرِمُ سے یُکْرَمُ۔

(۲) کتب یکتب سے گردان مع ترجمہ:۔

صیغہ جات	ترجمہ
یَکْتُبُ	لکھتا ہے یا لکھے گا وہ ایک مرد
یَکْتُبَانِ	لکھتے ہیں یا لکھے گے وہ دو مرد
یَکْتُبُوْنَ	لکھتے ہیں یا لکھے گے وہ سب مرد
تَکْتُبُ	لکھتی ہے یا لکھے گی وہ ایک عورت
تَکْتُبَانِ	لکھتی ہیں یا لکھے گی وہ دو عورتیں
یَکْتُبْنَ	لکھتی ہیں یا لکھے گی وہ سب عورتیں
تَکْتُبُ	لکھتا ہے یا لکھے گا تو ایک مرد
تَکْتُبَانِ	لکھتے ہو یا لکھو گے تم دو مرد

تَكْتُبُوْنَ	لکھتے ہو یا لکھو گے تم سب مرد
تَكْتُبِيْنَ	لکھتی ہو یا لکھوں گی تو ایک عورت
تَكْتُبَانِ	لکھتی ہو یا لکھو گی تم دو عورتیں
تَكْتُبْنَ	لکھتی ہو یا لکھو گی تم سب عورتیں
اَكْتُبُ	لکھتا/لکھتی ہوں یا لکھوں گا/گی میں ایک مرد یا ایک عورت۔
نَكْتُبُ	لکھتے/لکھتی ہیں یا لکھے گے/گی ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں۔

(۳) اُردو ترجمہ:

صیغہ جات	ترجمہ
يَحْمِلْنَ	اٹھاتی ہیں یا اٹھائے گی وہ سب عورتیں۔
لَمْ تُنْذِرْ	ہر گز نہیں ڈرایا تو ایک مرد نے۔
يُخٰدِعُوْنَ	دھوکہ دیتے ہیں یا دینگے وہ سب مرد۔
مَا يَخْدَعُوْنَ	دھوکہ نہیں دیتے یا نہیں دینگے وہ سب مرد۔
فَزَادَهُمْ	پس زیادہ کیا اُس نے ان کو۔
يَكْذِبُوْنَ	جھوٹ بولتے ہے یا بولے گے وہ سب مرد۔
مُصْلِحُوْنَ	اصلاح کرنے والے مرد۔

السوال الثانی: (الف) (۱) ثلاثی مجرد کے باب کتنے اور کون کون سے ہیں؟ (۱۰)

(۲) اَلتَّرْكُ سے ماضی مجہول کی گردان مع ترجمہ لکھیں۔ (۱۳)

(۳) حرف زائد کسے کہتے ہیں؟ (۱۱)

جواب:امور مطلوبہ: (۱) ثلاثی مجرد کے ابواب کی تعداد اور تعین (۲) اَلتَّرْکُ سے ماضی مجہول کی گردان مع ترجمہ (۳) حروف زائد کی تعریف۔

(1) ثلاثی مجرد کے ابواب کی تعداد اور تعین:۔

ثلاثی مجرد کے چھ ابواب ہیں جو درج ذیل ہیں۔

(۱)	فَعَلَ یَفْعُلُ جیسے نَصَرَ یَنْصُرُ	(۲)	فَعَلَ یَفْعِلُ ضَرَبَ یَضْرِبُ
(۳)	فَعِلَ یَفْعَلُ سَمِعَ یَسْمَعُ	(۴)	فَعَلَ یَفْعَلُ فَتَحَ یَفْتَحُ
(۵)	فَعُلَ یَفْعُلُ کَرُمَ یَکْرُمُ	(۶)	فَعِلَ یَفْعِلُ حَسِبَ یَحْسِبُ

(۲) اَلتَّرْکُ سے ماضی مجہول کی گردان مع ترجمہ:۔

صیغہ جات	ترجمہ
تُرِکَ	چھوڑا گیا وہ ایک مرد
تُرِکَا	چھوڑے گئے وہ دو مرد
تُرِکُوْ	چھوڑے گئے وہ سب مرد
تُرِکَتْ	چھوڑی گئی وہ ایک عورت
تُرِکَتَا	چھوڑی گئیں وہ دو عورتیں
تُرِکْنَ	چھوڑی گئیں وہ سب عورتیں
تُرِکْتَ	چھوڑا گیا تو ایک مرد
تُرِکْتُمَا	چھوڑے گئے تم دو مرد
تُرِکْتُمْ	چھوڑے گئے تم سب مرد
تُرِکْتِ	چھوڑی گئی تو ایک عورت
تُرِکْتُمَا	چھوڑی گئیں تم دو عورتیں

تُرِکْتُنَّ	چھوڑی گئیں تم سب عورتیں
تُرِکْتُ	چھوڑا رچھوڑی گیا رگئی میں ایک مرد یا ایک عورت
تُرِکْنَا	چھوڑے رچھوڑی گئے رگئی ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں

(۳) حرف زائد کی تعریف:۔

حروف زائد سے مراد وہ حروف ہیں جو فعل (ف، ع، ل) کلمہ کے مقابلہ میں نہ ہو جیسے اِسْتَنْصَرَ (بروزن) اِسْتَفْعَلَ اس صیغہ میں (ن، ص، ر) حروف اصلی ہیں جبکہ ء، س اور ت حروف زائد ہیں کیونکہ (ف، ع، ل) کے مقابلہ میں نہیں ہیں۔

السوال الثانی (ب):۔ (۱) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف لکھ کر قسمیں بھی تحریر کریں، نیز پہلی قسم کے ابواب بھی لکھیں۔ (۱۱) (۲)۔ ماضی قریب، ماضی بعید، ماضی ناتمام، ماضی احتمالی بنانے کا قاعدہ لکھیں۔ (۱۳) (۳) اَلسَّلْخُ (کھال کھینچنا) سے نفی تاکید بلن کی گردان لکھیں (۱۰)

جواب:۔ امور مطلوبہ (۱) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف مع اقسام اور پہلی قسم کے ابواب (۲) ماضی قریب، ماضی بعید، ماضی ناتمام اور ماضی احتمالی بنانے کا قاعدہ (۳) اَلسَّلْخُ سے نفی تاکید بلَن کی گردان۔

(۱) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف مع اقسام اور پہلی قسم کے ابواب

ثلاثی مزید فیہ وہ ہے جس کے ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں کوئی حرف زائد بھی ہو جیسے اِجْتَنَبَ، اِسْتَنْفَرَ ثلاثی مزید فیہ ہے۔ اس کی چودہ اقسام ہیں پہلی باھمزہ وصل اور دوسری بے ھمزہ وصل ثلاثی مزید فیہ باھمزہ وصل (۱) افتعال (۲) استفعال (۳) انفعال (۴) افعِلال (۵) افعیلال (۶) افعیعال (۷) اِفعِوّال (۸) اِفّاعُل (۹) اِفَعُّل یہ پہلی قسم کے ابواب ہیں۔

(۲) ماضی قریب، ماضی بعید، ماضی ناتمام، ماضی احتمالی بنانے کا قاعدہ:۔

ماضی قریب:۔

ماضی مطلق پر لفظ قَدْ داخل کیا جائے تو اس سے ماضی قریب بن جاتا ہے جسے قَدْ ضَرَبَ۔

ماضی بعید:۔

اگر لفظ کَانَ کو ماضی مطلق پر داخل کیا جائے تو اس سے ماضی بعید بن جاتا ہے جیسے کَانَ ضَرَبَ۔

ماضی ناتمام:۔

جب مضارع پر کَانَ کو داخل کیا جائے تو اس سے ماضی استمراری بن جاتا ہے ماضی ناتمام ماضی استمراری کو کہتے ہیں جیسے کَانَ یَضْرِبُ۔

ماضی احتمالی:۔

اگر ماضی مطلق پر لفظ لَعَلَّمَا داخل کیا جائے تو اس سے ماضی احتمالی بن جاتا ہے۔ جیسے لعلّما ضَرَبَ۔

(۳) السَّلْخُ سے نفی تاکید بلن کی گردان۔

۱	لَنْ يَّسْلَخَ	۲	لَنْ يَّسْلَخَا	۳	لَنْ يَّسْلَخُوْا	۴	لَنْ تَسْلَخَ	۵	لَنْ تَسْلَخَا
۶	لَنْ يَّسْلَخْنَ	۷	لَنْ تَسْبَلَخَ	۸	لَنْ تَسْلَخَا	۹	لَنْ تَسْلَخُوْا	۱۰	لَنْ تَسْلَخِيْ
۱۱	لَنْ تَسْلَخَا	۱۲	لَنْ تَسْلَخْنَ	۱۳	لَنْ اَسْلَخَ	۱۴	لَنْ نَسْلَخَ		

السوال الثالث (الف) (ا) حروف جازمہ کتنے اور کون کون سے ہیں عمل بھی لکھیں۔ (۱۰)

(۲) ثلاثی مزید فیہ کی دوسری قسم کے ابواب لکھیں (۱۳) اَلْقُرْبُ سے اسم مفعول کی گردان مع ترجمہ لکھیں

(۱۰)

جواب: امور مطلوبہ (ا) حروف جازمہ اور ان کا عمل (۲) ثلاثی مزید فیہ کی دوسری قسم کے ابواب (۳) اَلْقُرْبُ سے اسم مفعول کی گردان مع ترجمہ۔

(ا) حروف جازمہ اور ان کا عمل:۔

حروف جازمہ پانچ ہیں اِنْ، لَمْ، لَمَّا، لام امر، لائے نہی حروف جازمہ فعل مضارع کے پانچ صیغوں میں جن کے آخر میں پیش ہو جزم دیتے ہیں اگر حرف علت نہ ہو اور سات صیغوں میں نون اعرابی کو گرا دیتے ہیں دو صیغوں جمع مؤنث کے نون کو رہنے دیتے ہیں۔

(۲) ثلاثی مزید فیہ کے دوسری قسم کے ابواب۔

دوسری قسم کے پانچ باب ہیں۔ (ا) افعال (۲) تفعیل (۳) تَفَعُّل (۴) مُفَاعَلَہ (۵) تَفَاعُلْ

(۳) اَلْقُرْبُ سے اسم مفعول گردان مع ترجمہ:۔

صیغہ جات	مَقْرُوْبٌ	مَقْرُوْبَانِ	مَقْرُوْبُوْنَ
ترجمہ	قریب کیا ہوا ایک مرد	قریب کئے گئے دو مرد	قریب کئے گئے سب مرد
صیغہ جات	مَقْرُوْبَۃٌ	مَقْرُوْبَتَانِ	مَقْرُوْبَاتٌ
ترجمہ	قریب کی گئی ایک عورت	قریب کی گئیں دو عورتیں	قریب کی گئیں سب عورتیں

السوال الثالث (ب) (۱) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ لکھ کر، الرَّعْفُ سے گردان لکھیں (۱) (۲) جملہ انشائیہ کی قسمیں مع مثال تحریر کریں۔ (۱۰)

(۳) عربی میں ترجمہ کریں (۱۳)

ان مردوں کو نہیں چھوڑا گیا، ان عورتوں پر رحم نہیں کیا گیا، وہ لوگ دور ہو گئے ہیں۔ ہم نے کھانا نہیں کھایا، ہم سب ہرگز نہیں جائینگے، وہ ضرور بالضرور آئے گا۔

جواب: امور مطلوبہ:۔

(۱) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ اور اَلرَّعْفُ کی گردان (۲) جملہ انشائیہ کی قسمیں مع امثلہ (۳) عربی میں ترجمہ

(۱) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ اور الرَّعْفُ کی گردان۔

مضارع حاضر معروف سے علامت مضارع تا کو گرادو اسکے بعد اگر پہلا حرف متحرک ہو تو آخر سے ساکن کر دو اگر حرف علت نہ جیسے تُعَلِّمُ سے عَلِّمْ اور تَضَعُ سے ضَعْ

اگر حرف علت ہو تو اس کو گرادو جیسے تَقِيْ سے قِ

اگر علامت مضارع دور کرنے کے بعد پہلا حرف ساکن رہتا ہے تو عین کلمہ کو دیکھو۔ اگر عین کلمہ مفتوح یا مکسور ہے تو ہمزہ وصل مکسور شروع میں لگادو۔

اگر حرف علت نہ ہو جیسے تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ اور اگر حرف علت ہو تو گرادو جیسے تَرْمِیْ سے اِرْمِ۔ تَخْشٰی سے اِخْشَ

اگر عین کلمہ مضموم ہے تو ہمزہ وصل مضموم شروع میں لگادو اگر حرف علت نہ ہو جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ اگر حرف علت ہو تو اس کو گرادو جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ۔

اَلرَّعْفُ کی گردان

اِرْعَفْ، اِرْعَفَا، اِرْعَفُوْا، اِرْعَفِیْ، اِرْعَفَا، اِرْعَفْنَ

(۲) جملہ انشائیہ کی قسمیں مع امثلہ:۔

جملہ انشائیہ کی دس قسمیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

(۱) امر جیسے اِضْرِبْ (۲) نہی جیسے لاتضْرِبْ (۳) استفہام جیسے هَلْ ضَرَبَ زَیْدٌ۔ (۴) تمنّی جیسے لَیْتَ زَیْدًا حَاضِرٌ (۵) ترجّی جیسی لَعَلَّ عَمْرًا غَائِبٌ (۶) عقود یعنی معاملات جیسے بِعْتُ واشْتَرَیْتُ۔ (۷) ندا جیسے یااللہ (۸) عرض جیسے اَلَا تَأْتِیْنِیْ فَاُعْطِیَکَ دِیْنَارًا (۹) قسم جیسے واللہ لَاَضْرِبَنَّ زَیْدًا۔ (۱۰) تعجب جیسے مَا اَحْسَنَہٗ وَاَحْسِنْ بِہٖ

(۳) عربی میں ترجمہ:۔

اردو جملہ	عربی
۱۔ ان مردوں کو نہیں چھوڑا گیا	مَا تُرِکُوْ
۲۔ ان عورتوں پر رحم نہیں کیا گیا	مَا رُحِمْنَ
۳۔ وہ لوگ دور ہو گئے ہیں	بَعُدُو
۴۔ ہم نے کھانا نہیں کھایا	مَا طَعِمْنَا
۵۔ ہم سب ہر گز نہیں جائیں گے	لَنْ نَّذْهَبَ
۶۔ وہ ضرور وبالضرور آئے گا	لَیَأْتِیَنَّ

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

رجب المرجب ۱۴۳۶ / 2015

الورقة الرابعه فی الصرف

السوال الاوّل: (الف)(۱) ماضی معروف کے صیغہ واحد مذکر غائب سے بقیہ تیرہ صیغے بنانے کا قاعدہ لکھیے۔ (۱۷)

(۲) مَنَعَ یَمْنَعُ سے فعل ماضی معروف کی گردان اور ترجمہ تحریر کریں۔ (۱۶)

جواب: امور مطلوبہ: (۱) ماضی معروف کے صیغے بنانے کا قاعدہ۔ (۲) مَنَعَ یَمْنَعُ سے ماضی معروف کی گردان اور ترجمہ۔

(۱) ماضی معروف کے صیغے بنانے کے قاعدے:۔

ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب کے آخر میں الف بڑھا دینے سے تثنیہ مذکر غائب بن جاتا ہے۔ جیسے فَعَلَ سے فَعَلَا اور واو اس سے پہلے پیش لگا دینے سے جمع مذکر غائب بن جاتا ہے۔ جیسے فَعَلُوا اور ت ساکن بڑھا دینے سے واحد مؤنث غائب فَعَلَتْ اور لفظ تا لگا دینے سے تثنیہ مؤنث غائب فَعَلَتَا ہو جاتا ہے۔

اور واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے نون مفتوح لگا دینے سے جمع مؤنث غائب فَعَلْنَ اور ت مفتوح لگا دینے سے واحد مذکر حاضر فَعَلْتَ اور تُمَا سے تثنیہ مذکر حاضر فَعَلْتُمَا اور تُمْ سے جمع مذکر حاضر فَعَلْتُمْ اور ت مکسور سے واحد مؤنث حاضر فَعَلْتِ اور تُمَا سے تثنیہ مؤنث حاضر فَعَلْتُمَا اور تُنَّ سے جمع مؤنث حاضر فَعَلْتُنَّ اور ت مضموم سے واحد مذکر و مؤنث متکلم فَعَلْتُ اور نا سے تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث متکلم فَعَلْنَا بن گیا۔

(۲) مَنَعَ یَمْنَعُ سے ماضی معروف کی گردان اور ترجمہ:۔

(۱)	مَنَعَ	(۲)	مَنَعَا	(۳)	مَنَعُوْا
	روکا اس ایک مرد نے		روکا ان دو مردوں نے		روکا ان سب مردوں نے
(۴)	مَنَعَتْ	(۵)	مَنَعَتَا	(۶)	مَنَعْنَ
	روکا اُس ایک عورت نے		روکا ان دو عورتوں نے		روکا ان سب عورتوں نے

(۷)	مَنَعْتَ	(۸)	مَنَعْتُمَا	(۹)	مَنَعْتُمْ
	روکا تو ایک مرد نے		روکا تم دو مردوں نے		روکا تم سب مردوں نے
(۱۰)	مَنَعْتِ	(۱۱)	فَنَعْتُمَا	(۱۲)	مَنَعْتُنَّ
	روکا تو ایک عورت نے		روکا تم دو عورتوں نے		روکا تم سب عورتوں نے
(۱۳)	مَنَعْتُ	(۱۴)	مَنَعْنَا		
	روکا میں ایک مرد یا ایک عورت نے		روکا ہم دو ر سب مرد دو یا رسب عوتوں نے		

یا

السوال الاول: (ب)(۱) فعل مضارع معروف بنانے کا قاعدہ لکھیں۔ (۱۷)

(۲) عَلِمَ يَعْلَمُ سے مضارع معروف کی گردان مع ترجمہ لکھیں۔ (۱۶)

جواب: امور مطلوبہ: (۱) فعل مضارع معروف بنانے کا قاعدہ (۲) عَلِمَ يَعْلَمُ سے مضارع معروف کی گردان ترجمہ کے ساتھ۔

(1) مضارع معروف بنانے کا قاعدہ:۔

ماضی کے شروع میں ایک حرف چار حرفوں میں سے لگا دو وہ چار حرفی یہ ہیں۔ الف، تا، یا، ن کہ مجموعہ ان کا اَتَيْنَ ہے۔ ان چار حرفوں کو مضارع کی علامت کہتے ہیں۔ الف صرف ایک صیغہ واحد مذکر و مونث متکلم کے شروع میں آتا ہے۔ اور تاء آٹھ صیغوں میں یعنی تین مذکر حاضر، تین مونث حاضر، و مونث غائب اور یا مذکر غائب کے تینوں اور جمع مونث غائب میں اور نون تثنیہ و جمع مذکر و مونث متکلم کے شروع میں لگا دو۔

مضارع کے آخر میں پانچ صیغوں میں پیش لگا دو وہ پانچ صیغے یہ ہیں۔ واحد مذکر غائب، واحد مونث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم، تثنیہ و جمع متکلم۔

سات صیغوں میں نون اعرابی لگا دو وہ سات صیغے یہ ہیں۔

چار تثنیہ کے ان میں نون اعرابی مکسور ہوتا ہے۔ دو جمع مذکر غائب و جمع مذکر حاضر ایک واحد مونث حاضر کہ ان میں نون اعرابی مفتوح ہوتا ہے۔ اور نون جمع مونث جیسا کہ ماضی میں آتا ہے۔ مضارع میں بھی آتا ہے۔

(۲) عَلِمَ یَعْلَمُ سے مضارع معروف کی گردان مع ترجمہ:۔

(۱)	یَعْلَمُ	(۲)	یَعْلَمَانِ	(۳)	یَعْلَمُوْنَ
	جانتا ہے یا جانے گا وہ ایک مرد		جانتے ہیں یا جانے گے وہ دو مرد		جانتے ہیں یا جانے گے وہ سب مرد
(۴)	تَعْلَمُ	(۵)	تَعْلَمَانِ	(۶)	یَعْلَمْنَ
	جانتی ہے یا جانے گی وہ ایک عورت		جانتی ہیں یا جانے گی وہ دو عورتیں		جانتی ہیں یا جانے گی وہ سب عورتیں
(۷)	تَعْلَمُ	(۸)	تَعْلَمَانِ	(۹)	تَعْلَمُوْنَ
	جانتا ہے یا جانے گا تو ایک مرد		جانتے ہو یا جانو گے تم دو مرد		جانتے ہو یا جانو گے تم سب مرد
(۱۰)	تَعْلَمِیْنَ	(۱۱)	تَعْلَمَانِ	(۱۲)	تَعْلَمْنَ
	جانتی ہو یا جانو گی تو ایک عورت		جانتی ہو یا جانو گی تم دو عورتیں		جانتی ہو یا جانو گی تم سب عورتیں
(۱۳)	أَعْلَمُ	(۱۴)	نَعْلَمُ		
	جانتا ہوں یا جانوں گا ر گی میں ایک مرد یا ایک عورت		جانتے رجانتی ہیں یا جانے گے رگی ہم دو مرد یا دو عوتیں یا سب مرد یا سب عوتیں		

السوال الثانی: (الف)(۱) نفی جحد بلن بنانے کا طریقہ او تَرَکَ یَتْرُکُ سے اس کی گردان بھی لکھیں۔(۲۰)

(۲) اردو میں ترجمہ کریں۔(لَنْ یَفْعَلُوْا، لَمْ یَفْعَلُوا، لَنْ اَسْمَعَ، لَنْ یَجْتَنِبُوْا، لَمْ یَتْرُکْنَ) (۱۴)

جواب: امور مطلوبہ: (۱) نفی جحد بلن بنانے کا طریقہ اور تَرَکَ یَتْرُکُ سے اس کی گردان

(۲) صیغہ جات کا اُردو میں ترجمہ۔

(۱) نفی جحد بلن بنانے کا طریقہ اور ترک یترک سے اس کی گردان:۔

لَنْ مضارع مثبت کے شروع میں لاؤ۔ اور واحد مذکر، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر اور متکلم کے دونوں صیغوں میں آخر حرف پر پیش کی جگہ زبر دے دو۔ اور سات صیغوں میں سے نون اعرابی گرادو۔ اور دو صیغوں میں جمع مونث کے نون کو رہنے دو "بحث نفی تاکید بہ لن" بن جائے گی۔ لَنْ فعل مضارع کو خالص مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے۔

بحث نفی تاکید بلَن کی گردان:۔

(۱)	لَنْ يَتْرُكَ	(۲)	لَنْ يَتْرُكَا	(۳)	لَنْ يَتْرُكُوا
(۴)	لَنْ تَتْرُكَ	(۵)	لَنْ تَتْرُكَا	(۶)	لَنْ يَتْرُكْنَ
(۷)	لَنْ تَتْرُكَ	(۸)	لَنْ تَتْرُكَا	(۹)	لَنْ تَتْرُكُوا
(۱۰)	لَنْ تَتْرُكِيْ	(۱۱)	لَنْ تَتْرُكَا	(۱۲)	لَنْ تَتْرُكْنَ
(۱۳)	لَنْ أَتْرُكَ	(۱۴)	لَنْ نَتْرُكَ		

(۲) صیغہ جات کا ترجمہ:۔

صیغہ جات	ترجمہ
لَنْ يَفْعَلُوْا	ہرگز نہیں کرینگے وہ سب مرد
لَمْ يَفْعَلُوْا	ہرگز نہیں کیا ان سب مردوں نے
لَنْ أَسْمَعَ	ہرگز نہیں سنا میں ایک مرد یا ایک عورت نے
لَنْ يَجْتَنِبُوْا	ہرگز پرہیز نہیں کرینگے وہ سب مرد
لَمْ يَتْرُكْنَ	ہرگز نہیں چھوڑا ان سب عورتوں نے

السوال الثانی: (الف)(۱)لام تاکید بانون ثقیلہ بنانے کا قاعدہ لکھ رزق یرزق سے اس کی گردان بھی تحریر کریں۔ (۲۰)

(۲) نون ثقیلہ اور نون مخیفہ کتنے صیغوں میں آتا ہے؟ تفصیل مطلوب ہے۔ (۱۴)

جواب:امور مطلوبہ: (۱) تاکید بانون ثقیلہ بنانے کا قاعدہ اور رَزَقَ یَرْزُقُ سے اس کی گردان۔

(۲) نون ثقیلہ اور نون خفیفہ کے صیغوں کی تعداد۔

(1) لام تاکید بانون ثقیلہ بنانے کا قاعدہ اور رزق یرزق سے اس کی گردان:۔

بحث لام تاکید بانون ثقیلہ بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مضارع مثبت کے شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون ثقیلہ لگادو۔ اور سات صیغوں سے نون اعرابی گرادو۔ جمع مذکر غائب اور جمع مذکر حاضر کے صیغوں سے واؤ اور واحد مؤنث حاضر کے صیغہ سے ی دور کردو۔

جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر میں نون ثقیلہ سے پہلے الف بڑھادو تاکہ نون جمع مؤنث اور نون ثقیلہ کے جمع ہونے سے صیغہ ثقیل نہ ہو جائے۔ اس الف کو الف فاصل کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ نون جمع اور نون تاکید کو جدا کر دیتا ہے۔

نون ثقیلہ سے پہلے چھے صیغوں میں یعنی چار تثنیہ اور جمع مؤنث غائب و جمع مؤنث حاضر میں الف ہوتا ہے۔ اور جمع مذکر غائب و جمع مذکر حاضر میں نون ثقیلہ سے پہلے پیش ہوتا ہے۔ اور واحد مؤنث حاضر میں زیر ہوتا ہے۔ اور باقی واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر اور متکلم کے دونوں صیغوں میں نون ثقیلہ سے پہلے زبر ہوتا ہے۔

الف کے بعد نون ثقیلہ مکسور ہوتا ہے اور باقی تمام صیغوں میں مفتوح۔

رزق یرزق سے لام تاکید بانون ثقیلہ کی گردان:۔

(۱)	لَیَرْزُقَنَّ	(۲)	لَیَرْزُقَانِّ	(۳)	لَیَرْزُقُنَّ

(۴)	لَتَرْزُقَنَّ	(۵)	لَتَرْزُقَانِّ	(۶)	لَيَرْزُقْنَانِّ
(۷)	لَتَرْزُقُنَّ	(۸)	لَتَرْزُقَانِّ	(۹)	لَتَرْزُقُنَّ
(۱۰)	لَتَرْزُقِنَّ	(۱۱)	لَتَرْزُقَانِّ	(۱۲)	لَتَرْزُقْنَانِّ
(۱۳)	لَاَرْزُقَنَّ	(۱۴)	لَتَرْزُقَنَّ		

(۲) نون ثقیلہ اور نون خفیفہ کے صیغوں کی تعداد:۔

نون ثقیلہ چودہ صیغوں میں آتا ہے۔ اور نون خفیفہ صرف آٹھ صیغوں میں آتا ہے۔

نون ثقیلہ کے صیغوں کی تفصیل:۔ یہ کل چودہ صیغے ہیں۔

(۱)	صیغہ واحد مذکر غائب	(۲)	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	(۳)	صیغہ جمع مذکر غائب
(۴)	صیغہ واحد مونث غائب	(۵)	صیغہ تثنیہ مونث غائب	(۶)	صیغہ جمع مونث غائب
(۷)	صیغہ واحد مذکر حاضر	(۸)	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	(۹)	صیغہ جمع مذکر حاضر
(۱۰)	صیغہ واحد مونث حاضر	(۱۱)	صیغہ تثنیہ مونث حاضر	(۱۲)	صیغہ جمع مونث حاضر
(۱۳)	صیغہ واحد مذکر و مونث متکلم	(۱۴)	صیغہ تثنیہ و جمع مذکر و مونث متکلم		

السوال الثالث: (الف) (۱) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ لکھ کر اُكُلْ یَاْكُلُ سے گردان بھی لکھیں۔ (۲۰)

(۲) لام تاکید اور لام امر میں لفظا و معنا فرق لکھ کر درج ذیل الفاظ کا عربی میں ترجمہ کریں۔ (۱۳)

تم لوگ ضرور لکھو، تم لوگ لکھو، تو ایک مرد روک، تو ایک عورت چھوڑ، تم سب عورتیں سنو

جواب: امور مطلوبہ: (۱) امر حاضر معروف کا قاعدہ اور اکل یاکل کی گردان

(۲) لام تاکید اور لام امر میں لفظا و معنا فرق اور اردو کا عربی ترجمہ۔

(1) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ اور اکل یاکل سے گردان:۔

مضارع حاضر معروف سے علامت مضارع "تا" کو گرا دینے کے بعد اگر پہلا حرف متحرک ہو تو آخر

میں ساکن کر دو اگر حرف علت نہ ہو جیسے تُعَلِّمُ سے عَلِّمْ۔

اگر علامت مضارع ہٹا دینے کے بعد پہلا حرف ساکن رہتا ہے تو عین کلمہ کو دیکھو اگر عین کلمہ مفتوح یا مکسور ہے تو ہمزہ وصل مکسور شروع میں لگا دو اگر حرف علت نہ ہو جیسے تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ اور تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔

اگر عین کلمہ مضموم ہے تو ہمزہ وصل مضموم شروع میں لگا دو۔ اگر حرف علت نہ ہو جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ اور اگر حرف علت ہو تو اُس کو گرا دو جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ۔

اکل یاکل سے امر حاضر معروف کی گردان:۔

كُلْ كُلَا كُلُوْ كُلِيْ كُلَا كُلْنَ

(۲) لام تاکید اور لام امر کے درمیان لفظاً ومعناً فرق اور اردو فقروں کا عربی ترجمہ:۔

لام تاکید مفتوح ہوتا ہے اور اس کے معنی ہیں "ضرور" لام امر مکسور ہوتا ہے۔ اور اس کے معنی ہیں "چاہیے کہ"

اُردو فقروں کا عربی ترجمہ:۔

(۱) تم لوگ ضرور لکھو۔ اُكْتُبُنَّ

(۲) تم لکھو۔ اُكْتُبُوْا

(۳) تو ایک مرد روک۔ اِمْنَعْ

(۴) تو ایک عورت چھوڑ۔ اُتْرُكِيْ

(۵) تم سب عورتیں سُنو۔ اِسْمَعْنَ

یا

السوال الثالث: (ب)(۱) ثلاثی، رباعی کی تعریف لکھنے کے بعد دونوں کی قسمیں بھی لکھیں۔ نیز الاکمال سے صرف صغیر مع ترجمہ لکھیں۔ (۲۰)

(۲) ثلاثی مزید فیہ کے تمام ابواب تحریر کیجئے۔ (۱۳)

جواب: امور مطلوبه: (۱) ثلاثی، رباعی کی تعریف مع اقسام اور الاکمال مصدر سے صرف صغیر کی گردان مع ترجمہ۔ (۲) ثلاثی مزید فیہ کے تمام ابواب۔

(1) ثلاثی، رباعی کی تعریف مع اقسام:۔

رُباعی:۔ رباعی وہ ہے جس میں چار حرف اصلی ہو جیسے بَعْثَرَ، دَحْرَجَ۔

الاکمال مصدر صرف صغیر مع ترجمہ:۔

(۱)	أَكْمَلَ	(۲)	يُكْمِلُ	(۳)	اِكْمَالًا
	پورا کیا اُس ایک مرد نے		پورا کرتا ہے کا کرے گا وہ ایک مرد		پورا کرنا
(۴)	فَهُوَ مُكْمِلٌ	(۵)	وَأُكْمِلَ	(۶)	يُكْمَلُ
	پورا کرنے والا		پورا کیا گیا وہ ایک مرد		پورا کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا وہ ایک مرد
(۷)	اِكْمَالًا ۔ فَهُوَ مُكْمَلٌ	(۸)	الامر منه۔ أَكْمِلْ	(۹)	والنهی عنه۔ لَا تُكْمِلْ
	پورا کرنا۔ پورا کیا جانے والا		پورا کر تو ایک مرد		مت پورا کر تو ایک مرد

ثلاثی مزید فیہ کے تمام ابواب:۔

ثلاثی مزید فیہ دو طرح کی ہوتی ہے۔ایک ثلاثی مزید فیہ باھمزہ وصل دوسری ثلاثی مزید فیہ بے ھمزہ وصل۔

(ا) ثلاثی مزید فیہ باھمزہ وصل کے نو باب ہیں۔اور یہ ہیں:۔

(ا)افتعال (۲) استفعال (۳) انفعال (۴) افعال (۵) افعیلال (۶) افعیعال

(۷) افعوّال (۸) اِفَّاعُلٌ (۹) اِفَّعُّلٌ

(۲) ثلاثی مزید فیہ بے ھمزہ وصل کے پانچ باب آتے ہیں اور وہ یہ ہیں۔

(ا)افعال (۲) تفعیل (۳) تفعُّلُ (۴) مُفَاعَلَةٌ (۵) تَفَاعُلٌ

الورقۃ الرابعہ فی الصرف رجب المرجب ۱۴۳۷ھ/ 2016

السؤال الاول (الف)۔۔(۱) فعل لازم، فعل متعدی اور فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریفات لکھیں۔

(۲) عَلِمَ سے فعل ماضی مجہول کی گردان مع ترجمہ لکھیں۔

(۳) مضارع مجہول بنانے کے قاعدہ لکھیں۔

جواب: امور مطلوبہ: (۱) فعل لازم، فعل متعدی، فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریفات (۲) عَلِمَ سے ماضی مجہول کی گردان مع ترجمہ (۳) مضارع مجہول کا قاعدہ

(۱) فعل لازم، فعل متعدی، فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریفات:

فعل لازم: وہ فعل ہے جو فقط فاعل پر پورا ہو جائے۔ جیسے، جَلَسَ زَیْدٌ (زید بیٹھا) ذَھَبَ عَمْرٌو (عمرو گیا)

فعل متعدی: وہ فعل ہے جو فاعل اور مفعول دونوں پر پورا ہو، جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًوا (مارا زید نے عمرو کو)

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم ہو، جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ (زید نے مارا) اس میں مارنے والا معلوم ہے اور وہ زید ہے۔

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کا کرنے والا معلوم نہ ہو، جیسے: ضُرِبَ عَمْرٌو (عمرو مارا گیا)

(۲) عَلِمَ سے ماضی مجہول کی گردان مع ترجمہ:

	۱۔ عُلِمَ	۲۔ عُلِمَا	۳۔ عُلِمُوا
ترجمہ:	جانا اس ایک مرد نے	جانا ان دو مردوں نے	جانا اُن سب مردوں نے
	۴۔ عُلِمَتْ	۵۔ عُلِمَتَا	۶۔ عُلِمْنَ
ترجمہ:	جانا اس ایک عورت نے	جانا ان دو عورتوں نے	جانا ان سب عورتوں نے
	۷۔ عُلِمْتَ	۸۔ عُلِمْتُمَا	۹۔ عُلِمْتُمْ
ترجمہ:	جانا تو ایک مرد نے	جانا تم دو مردوں نے	جانا تم سب مردوں نے

١٠۔ عَلِمَتْ ١١۔ عَلِمْتُمَا ١٢۔ عَلِمْتُنَّ

ترجمہ: جانا تو ایک عورت نے جانا تم دو عورتوں نے جانا تم سب عورتوں نے

١٣۔ عَلِمْتُ ١٤۔ عَلِمْنَا

ترجمہ: جانا اس ایک مرد یا عورت نے جانا ہم دو مرد یا عورتوں نے یا سب نے

(3) مضارع مجہول کا قاعدہ:

یہ بحث ۱۴۳۵ھ 2014 کے سوال اول (ب) میں گزر چکا ہے۔

السؤال الاول (ب)۔۔۔(۱) یَجْتَنِبُ سے لام تاکید ثقلیہ کی گردان لکھیں۔

(۲) اسم مفعول کی تعریف، گردان مع ترجمہ اور قاعدہ لکھیں۔

(۳) حروف زائد کیا ہے؟

جواب: امور مطلوبہ: (۱) یَجْتَنِبُ سے لام تاکید ثقلیہ کی گردان (۲) اسم مفعول کی تعریف، گردان مع ترجمہ اور قاعدہ (۳) حروف زائد کی تعریف

(۱) یَجْتَنِبُ سے لام تاکید ثقلیہ کی گردان:

۱۔ لَیَجْتَنِبَنَّ ۲۔ لَیَجْتَنِبَانِّ ۳۔ لَیَجْتَنِبُنَّ ۴۔ لَتَجْتَنِبَنَّ ۵۔ لَتَجْتَنِبَانِّ ۶۔ لَیَجْتَنِبْنَانِّ ۷۔ لَتَجْتَنِبَنَّ

۸۔ لَتَجْتَنِبَانِّ ۹۔ لَتَجْتَنِبُنَّ ۱۰۔ لَتَجْتَنِبِنَّ ۱۱۔ لَتَجْتَنِبَانِّ ۱۲۔ لَتَجْتَنِبْنَانِّ ۱۳۔ لَأَجْتَنِبَنَّ ۱۴۔ لَنَجْتَنِبَنَّ

(2) اسم مفعول کی تعریف، گردان مع ترجمہ اور قاعدہ:

اسم مفعول کی تعریف: جو لفظ اس آدمی یا چیز کو بتائے جس پر کام واقع ہو اُس کو "اسم مفعول" کہتے ہیں۔

گردان:

صیغہ واحد مذکر صیغہ تثنیہ مذکر صیغہ جمع مذکر صیغہ واحد مونث صیغہ تثنیہ مونث صیغہ جمع مونث

مَفْعُولٌ مَفْعُولَانِ مَفْعُولُونَ مَفْعُولَۃٌ مَفْعُولَتَانِ

مَفْعُولَاتٌ

کیا ہوا ایک مرد کئے ہوئے دو مرد کئے ہوئے سب مرد کی ہوئی ایک عورت کی

ہوئی دو عورتیں کی ہوئی سب عورتیں

قاعدہ:

جب ماضی سہ حرفی ہو تو اسم مفعول واحد مذکر مَفْعُولٌ کے وزن پر آئے گا۔ جیسے، نَصَرَ سے مَنْصُورٌ، ضَرَبَ سے مَضْرُوبٌ، سَمِعَ سے مَسْمُوعٌ اور اگر ماضی تین حرف سے زائد ہو تو اسم مفعول مضارع مجہول سے اس طرح بناؤ کہ علامت مضارع کو گرا کر اس کی جگہ "میم مضموم" لگاؤ، اور آخر میں تنوین بڑھادو۔ جیسے، یُکْرَمُ سے مُکْرَمٌ، یُجْتَنَبُ سے مُجْتَنَبٌ، یُتَقَبَّلُ سے مُتَقَبَّلٌ۔

(3) حروف زائد کی تعریف:

یہ جز ۱۴۳۵ھ 2014 کے سوال ثانی (الف) میں گزر چکا ہے۔

السؤال الثانی (الف)۔۔۔(۱) لائے نہی مضارع معروف بنانے کا قاعدہ لکھیں۔

(۲) سَمِعَ یَسْمَعُ سے لائے نہی معروف گردان مع ترجمہ لکھیں۔

(۳) اسم ظرف کی تعریف، صیغے مع ترجمہ اور قاعدہ لکھیں۔

جواب: امور مطلوبہ: (۱) لائے نہی مضارع معروف بنانے کا قاعدہ (۲) سَمِعَ یَسْمَعُ سے لائے نہی معروف گردان مع ترجمہ (۳) اسم ظرف کی تعریف، صیغے مع ترجمہ اور قاعدہ

(۱) لائے نہی مضارع معروف بنانے کا قاعدہ:

مضارع مثبت کے شروع میں "لائے نہی" لگادو اور جن پانچ صیغوں میں پیش ہے اُن کو جزم دو، اگر حرف علت نہ ہو۔ جیسے، لَا تَضْرِبْ، لَا تَسْمَعْ، لَا تَنْصُرْ اور اگر حرف علت ہو تو گرادو۔ جیسے، لَا تَدْعُ، لَا تَرْمِ، لَا تَخْشَ، اور سات جگہ سے "نون اعرابی" گرادو اور "نون جمع مؤنث" کو رہنے دو۔

"نون ثقیلہ و خفیفہ" جس طرح مضارع میں آتا ہے۔ نہی میں بھی لایا جاتا ہے۔ لیکن امر کی طرح 'لام تاکید' یہاں بھی نہیں آتا۔

(2) سَمِعَ یَسْمَعُ سے لائے نہی معروف گردان مع ترجمہ:

	۱۔لَایَسْمَعْ	۲۔لَایَسْمَعَا	۳۔لَایَسْمَعُوا	۴۔لَاتَسْمَعْ
ترجمہ:	نہ سن وہ ایک مرد	نہ سنے وہ دو مرد	نہ سنے وہ سب مرد	نہ سنے وہ ایک عورت
	۵۔لَاتَسْمَعَا	۶۔لَایَسْمَعْنَ	۷۔لَاتَسْمَعْ	۸۔لَاتَسْمَعَا
ترجمہ:	نہ سنے وہ دو عورت	نہ سنے وہ سب عورتیں	نہ سن تو ایک عورت	نہ سنے تم دو مرد
	۹۔لَاتَسْمَعُوا	۱۰۔لَاتَسْمَعِیْ	۱۱۔لَاتَسْمَعَا	۱۲۔لَاتَسْمَعْنَ
ترجمہ:	نہ سنے تم سب مرد	نہ سن تو ایک عورت	نہ سنے تم دو عورتیں	نہ سنے تم سب عورتیں
	۱۳۔لَااَسْمَعْ	۱۴۔لَانَسْمَعْ		
ترجمہ:	نہ سنوں گا میں ایک مرد یا عورت	نہ سنے گا ہم دو مرد یا عورتیں یا سب مرد یا عورتیں		

(3) اسم ظرف کی تعریف، صیغے مع ترجمہ اور قاعدہ:

اسم ظرف کی تعریف: جو لفظ کسی کام کی جگہ یا وقت کا نام ہو اُسے "اسم ظرف" کہتے ہے۔

گردان:

صیغہ واحد	صیغہ تثنیہ	صیغہ جمع
مَفْعَلٌ	مَفْعَلَانِ	مَفَاعِلُ
ایک وقت یا جگہ کام کرنے کی	دو وقت یا جگہ کام کرنے کی	سب وقت یا جگہ کام کرنے کی

السؤال الثانی (ب)(۱) اسم تفضیل کی تعریف اور قاعدہ لکھو اور عِلْمٌ مصدر سے اسم تفضیل کی گردان مع ترجمہ لکھو۔

(۲) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف لکھیں، ابتدائی اقسام لکھ کر پہلی قسم کے ابواب ۔ سیں۔

(۳) الدخول مصدر سے صرف صغیر لکھیں۔

جواب:امور مطلوبہ:(۱)اسم تفضیل کی تعریف اور قاعدہ لکھو اور عِلمٌ مصدر سے اسم تفضیل کی گردان مع ترجمہ (۲) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف، ابتدائی اقسام اور پہلی قسم (۳)الدّخول مصدر سے صرف صغیر

(1)اسم تفصیل کی تعریف اور قاعدہ لکھو اور عِلمٌ مصدر سے اسم تفضیل کی گردان مع ترجمہ:

اسم تفضیل کی تعریف: جو لفظ کسی کام کرنے والے کی بڑائی ظاہر کرے اُس کو "اسم تفضیل" کہتے ہے۔

صیغہ واحد مذکر	صیغہ تثنیہ مذکر	صیغہ جمع مذکر سالم	صیغہ جمع مذکر مکسر
أعلَمُ	أعلَمَانِ	أعلَمُونَ	أعَالِمُ
زیادہ کرنے والا ایک مرد	زیادہ کرنے والے دو مرد	زیادہ کرنے والے سب مرد	زیادہ کرنے والے سب مرد

صیغہ واحد مؤنث	صیغہ تثنیہ مؤنث	جمع مؤنث سالم	صیغہ جمع مؤنث مکسر
عُلمیٰ	عُلمیانِ	عُلمیات	عُلَمٌ
زیادہ کرنے والی ایک عورت	زیادہ کرنے والی دو عورت	زیادہ کرنے والی سب عورتیں	زیادہ کرنے والی سب عورتیں

قاعدہ:

اسم تفضیل واحد مذکر ہمیشہ اَفعَلُ کے وزن پر بنالو، اور واحد مؤنث فُعلیٰ وزن پر۔ جیسے: اَکبَرُ کُبریٰ، اَصغَرُ صُغریٰ

جب ماضی سہ حرفی نہ ہو گا، اسم تفضیل نہیں آئے گا۔

(2)ثلاثی مزید فیہ کی تعریف، ابتدائی اقسام اور پہلی قسم:

یہ جز ۱۴۳۵ھ 2104 کے سوال ثانی (ب) میں گزر چکا ہے۔

(3)الدّخول مصدر سے صرف صغیر:

دَخَلَ یَدخُلُ دَخلاً فھو دَاخِلٌ
دُخِلَ
یُدخَلُ دَخلاً فھو مَدخُولٌ الامر منہ
اُدخُلْ والنھی عنہ لَاتَدخُلْ الظرف منہ
مَدخَلٌ والآلۃ منہ مِدخَلٌ افعل التفضیل منہ
اَدخَلُ والمؤنث منہ دُخلیٰ

السؤال الثالث (الف)۔۔(۱) باب افتعال سے مصدر (الاحتمال) کی صرف صغیر لکھیں۔

(۲) لام تاکید یا نون ثقلیہ اور خفیفہ کے صیغوں کی تعداد لکھیں۔

(۳) باب استفعال سے مصدر الاستنصار کی صرف صغیر کی گردان لکھیں۔

جواب: امور مطلوبہ: (۱) باب افتعال سے مصدر (الاحتمال) کی صرف صغیر (۲) لام تاکید یا نون ثقلیہ اور خفیفہ کے صیغوں کی تعداد (۳) باب استفعال سے مصدر الاستنصار کی صرف صغیر کی گردان

(1) باب افتعال سے مصدر (الاحتمال) کی صرف صغیر:

اِحتَمَلَ یَحتَمِلُ اِحتِمالاً فَھُوَ مُحتَمِلٌ وَاُحتُمِلَ
یُحتَمَلُ
اِحتِمالاً فَھُوَ مُحتَمَلٌ الامر منہ اِحتَمِلْ والنھی عنہ
لَاتَحتَمِلْ

(2) لام تاکید یا نون ثقلیہ اور خفیفہ کے صیغوں کی تعداد:

یہ جز ۱۴۳۶ھ 2015 کے سوال ثانی (ب) میں گزر چکا ہے۔

(3) استنصار کی صرف صغیر کی گردان:

اِستَنصَرَ یَستَنصِرُ اِستِنصَارًا فھو مُستَنصِرٌ
وَاستُنصِرَ یُستَنصَرُ اِستِنصَارًا فھو مُستَنصَرٌ

لَاتَسْتَغْفِر	النھی عنہ	اِسْتَغْفِر	الامر منہ

السؤال الثالث (ب)۔۔(۱) باب افعوّال سے مصدر اِجلِوّاذ کی صرف صغیر کی گردان لکھیں۔

(۲) رباعی مجرد کے کل کتنے باب ہیں، مجرد اور مزید فیہ کے ابواب کے نام مع ایک ایک مصدر لکھیں۔

(۳) ثلاثی مزید فیہ کی دوسری قسم کے کل ابواب لکھیں۔

جواب: امور مطلوبہ: (۱) باب افعوّال سے مصدر اِجلِوّاذ کی صرف صغیر کی گردان (۲) رباعی مجرد کے ابواب کی تعداد، رباعی مجرد اور مزید فیہ کے نام اور ان کا ایک ایک مصدر (۳) ثلاثی مزید فیہ کی دوسری قسم کے تمام ابواب

(1) باب افعوّال سے مصدر اِجلِوّاذ کی صرف صغیر کی گردان:

اِجلَوَّذَ	یَجلَوِّذُ	اِجلَوَّاذاً	فھو	مُجلَوِّذٌ	الامر منہ
اِجلَوِّذ	والنھی عنہ	لَاتَجلَوِّذ			

(2) رباعی مجرد کے ابواب کی تعداد، رباعی مجرد اور مزید فہ کے نام اور ان کا ایک ایک مصدر:

رباعی کے کل چار باب ہیں۔ ان میں سے رباعی مجرد کا صرف ایک باب ہے۔

باب اول: فَعلَلَۃٌ جیسے بَعثَرَۃٌ (اُٹھانا)

مصادر:

اَلقَنطَرَۃُ (پل باندھنا)	اَلزَّعفَرَۃُ (زعفران سے رنگنا)
اَلعَسکَرَۃُ (لشکر تیار کرنا)	اَلدَّحرَجَۃ (لڑھکانا)

رباعی مزید فیہ کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ رباعی مزید فیہ باھمزہ وصل　۲۔ رباعی مزید فیہ باھمزہ وصل

رباعی مزید فیہ باھمزہ وصل کے دو باب ہے۔ یہ دونوں باب لازم ہے۔

باب اول: اِفتِعلَال جیسے اِبرِنشَاق (خوش ہونا)

باب دوم: اِفعِلّال جیسے اِقشِعرَار (کانپنا، یا بال کھڑے ہونا)

رباعی مزید فیہ بے ہمزہ کا صرف ایک باب آتا ہے۔ اور یہ بھی لازم ہے۔

باب اول: تفعلل جیسے تسربل (کپڑا اوڑھنا)

(۳) ثلاثی مزید فیہ کی دوسری قسم کے تمام ابواب:

یہ جز ۱۴۳۵ھ 2014 کے سوال ثالث (الف) میں گزر چکا ہے۔

۱۴۳۸ھ/2017

الورقة الرّابعه فی الصّرف

السوال الاول (الف)۔۔(۱) علم صرف کی تعریف کریں اور فائدہ ذکر کریں، نیز فعل ماضی، فعل مضارع اور امر کی تعریف بھی لکھیں۔[۱۶](۲) فعل مضارع معروف بنانے کا قاعدہ لکھیں۔[۱۰]

(۳) درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔[۱۲]

۱۔ہم لکھتے ہیں ۲۔وہ سب مرد جانتے ہیں ۳۔میں روکتا ہوں ۴۔تم سب چھوڑتے ہو ۵۔تو ایک عورت روکے گی ۶۔میں ایک عورت سنوں گی

{جواب} امور مطلوبہ:(۱) علم الصرف کی تعریف اور فائدہ، فعل ماضی، فعل مضارع اور امر کی تعریفات

(۲) فعل مضارع معروف بنانے کا قاعدہ (۳) اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ

(1) علم الصرف کی تعریف اور فائدہ، فعل ماضی، فعل مضارع اور امر کی تعریفات:

علم الصرف کی تعریف اور فائدہ: علم صرف وہ علم ہے جس سے صیغوں کی پہچان حاصل ہوتی ہے اور لفظوں کو گردانے کا صحیح طریقہ اور ایک صیغہ سے دوسرا صیغہ بنانے کا قاعدہ معلوم ہوتا ہے۔

فائدہ: اس علم کا فائدہ یہ ہے کہ الفاظ کو صحیح طور پر پڑھنا آجاتا ہے۔

فعل ماضی: اُس فعل کو کہتے ہے جو گزرا ہوا زمانہ بتائیں جیسے ضَرِبَ (اُس ایک مرد نے مارا، گزرے ہوئے زمانے میں) ماضی کا آخر ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے۔

فعل مضارع: اُس فعل کو کہتے ہے جو زمانہ موجودہ یا آئندہ بتائے جیسے یَضرِبُ (مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد، زمانہ موجودہ یا آئندہ میں) مضارع کا آخر مضموم ہوتا ہے۔

امر: اُس فعل کو کہتے ہے جس میں کسی کام کا حکم دیا جائے جیسے اِضرب (تو مار)

(2) فعل مضارع معروف بنانے کا قاعدہ:

یہ ۱۴۳۶ھ/2015 سوال اول (ب) میں گزر چکا ہے۔

(3)اردو جملوں کا عربی میں ترجمہ:

اردو

عربی ترجمہ

ہم لکھتے ہیں

نَکْتُبُ

وہ سب مرد جانتے ہیں

یَعلَمُونَ

میں روکتا ہوں

أَمنَعُ

تم سب چھوڑتے ہو

تَترُکُونَ

تو ایک عورت روکے گی

تَمنَعِینَ

میں ایک عورت سنوں گی

أَسمَعُ

السؤال الاول(ب)۔۔۔(۱)"لن" فعل مضارع پر داخل ہو کر لفظوں اور معنوں میں کیا عمل کرتا ہے۔ وضاحت سے لکھیں۔[۱۲]

(۲)"یَجتَنِبُ" نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف کی گردان لکھیں۔[۱۰]

(۳)درج ذیل صیغوں کے معانی بتائیں۔(لَن یَفعَلُوا، لَن أَسمَعَ، لَن یَجتَنِبُوا، لَم تَعلَم، لَم یَترُکنَ، لَتَسمَعَنَّ)۔[۱۲]

{جواب} امور مطلوبہ: (۱) لن کا فعل مضارع کے لفظوں اور معنٰی میں عمل کی وضاحت　(۲) یَجتَنِبُ سے نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف کی گردان　(۳) صیغوں کے معانی

(1) لن کا فعل مضارع کے لفظوں اور معنٰی میں عمل کی وضاحت:

حرف "لن" جب مضارع مثبت کے شروع میں آجائے تو یہ پانچ صیغوں واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر اور متکلم کے دونوں صیغوں کے آخر میں زبر دیتا ہے اور سات صیغوں میں نون اعرابی کو گرادیتا ہے اور جمع مؤنث کے دو صیغوں میں نون کو اپنے حال پر رہنے دیتا ہے جبکہ معنٰی کے اعتبار سے لن فعل مضارع کو مستقبل کے معنٰی میں گرادیتا ہے۔

(2) یَجتَنِبُ سے نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف کی گردان:

۱۔ لَن یَجتَنِبَ	۲۔ لَن یَجتَنِبَا	۳۔ لَن یَجتَنِبُوا	۴۔ لَن تَجتَنِبَ	۵۔ لَن تَجتَنِبَ
	۶۔ لَن یَجتَنِبنَ	۷۔ لَن تَجتَنِبَ	۸۔ لَن تَجتَنِبَا	۹۔ لَن تَجتَنِبُوا
	۱۰۔ لَن تَجتَنِبِي	۱۱۔ لَن تَجتَنِبَا	۱۲۔ لَن تَجتَنِبنَ	
	۱۳۔ لَن اَجتَنِبَ	۱۴۔ لن نَجتَنِبَ		

(3) عربی صیغوں کا اردو ترجمہ:

صیغے	اردو ترجمہ
لَن یَفعَلُوا	ہرگز نہیں کرے گے وہ سب مرد
لَن اَسمَعَ	ہرگز نہیں سنوں گا میں ایک مرد
لَن یَجتَنِبُوا	ہرگز پرہیز نہیں کرینگے وہ سب مرد
لَم یَعلَم	ہرگز نہیں جانا اُس ایک مرد نے
لَم یَترُکنَ	ہرگز نہیں چھوڑا اُن سب عورتوں نے
لَنَسمَعَنَّ	ضرور بہ ضرور سنے گے ہم سب مرد / عورتیں

السوال الثانی (الف)۔۔۔(۱) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ تحریر کریں۔[۱۶] (۲) اسم فاعل بنانے کا طریقہ اور گردان مع ترجمہ لکھیں۔[۱۱] (۳) لَیَمْنَعَنَّ سے لام تاکید بانون تاکید ثقلیہ در فعل مستقبل معروف کی گردان لکھیں۔

{جواب} امور مطلوبہ: (۱) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ (۲) اسم فاعل بنانے کا طریقہ اور گردان مع ترجمہ (۳) لَیَمْنَعَنَّ سے لام تاکید بانون ثقلیہ کی گردان

(1) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ:

یہ جز ۱۴۳۶ھ/2015 سوال ثالث (الف) میں گزر چکا ہے۔

(2) اسم فاعل بنانے کا طریقہ اور گردان مع ترجمہ:

طریقہ: جب ماضی تین حرفی ہو تو اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر فاعل کے وزن پر آئے گا جیسے نَصَرَ سے نَاصِرٌ، ضَرَبَ سے ضَارِبٌ، سَمِعَ سے سَامِعٌ اور اگر ماضی کا پہلا صیغہ تین حرف سے زیادہ ہو تو اسم فاعل مضارع معروف سے اس طرح بناؤ کہ علامت مضارع کو دور کر کے اس کی جگہ "میم مضموم" لگاؤ اور آخر سے پہلے حرف کو زیر دے اگر زیر نہ ہو تو آخری حرف پر تنوین لگا دو جیسے یُکْرِمُ سے مُکْرِمٌ، یَجْتَنِبُ سے مُجْتَنِبٌ اور یَتَقَبَّلُ سے مُتَقَبِّلٌ۔

(3) لَیَمْنَعَنَّ سے لام تاکید بانون ثقلیہ کی گردان:

۱۔ لَیَمْنَعَنَّ	۲۔ لَیَمْنَعَانِّ	۳۔ لَیَمْنَعُنَّ	۴۔ لَتَمْنَعَنَّ
۵۔ لَتَمْنَعَانِّ	۶۔ لَیَمْنَعْنَانِّ	۷۔ لَتَمْنَعَنَّ	۸۔ لَتَمْنَعَانِّ
۹۔ لَتَمْنَعُنَّ	۱۰۔ لَتَمْنَعِنَّ	۱۱۔ لَتَمْنَعَانِّ	۱۲۔ لَتَمْنَعْنَانِّ
۱۳۔ لَاَمْنَعَنَّ	۱۴۔ لَنَمْنَعَنَّ		

السوال الثانی (ب)۔(۱) لام تاکید بانون ثقلیہ بنانے کا قاعدہ وضاحت سے لکھیں۔[۱۲]

(۲) اسم آلہ کی تعریف کر کے بنانے کا قاعدہ اور گردان لکھیں۔[۱۱] (۳) ثلاثی، رباعی، مجرد، مزید فیہ میں سے ایک کی تعریف کریں۔[۱۰]

{جواب} امور مطلوبہ: (۱) لام تاکید بانون ثقلیہ بنانے کا قاعدہ (۲) اسم آلہ کی تعریف، بنانے کا قاعدہ اور گردان (۳) ثلاثی، رباعی، مجرد اور مزید فیہ کی تعریف

(1) لام تاکید با نون ثقیلہ بنانے کا قاعدہ:

یہ جز ۱۴۳۶ھ / 2015 سوال ثانی (ب) میں گزر چکا ہے۔

(2) اسم آلہ کی تعریف، بنانے کا قاعدہ اور گردان:

جو لفظ کسی اوزار یعنی کام کرنے کی چیز کا نام ہو تو اُسے "اسم آلہ" کہتے ہے۔

قاعدہ: اسم آلہ مضارع معروف سے اس طرح بنتا ہے کہ:

۱۔ علامت مضارع کو دور کر کے "میم مکسور" لگادو اور عین کلمہ پر "زبر" دے دو اگر زبر نہ ہو، اور آخری حرف پر تنوین بڑھادو۔

۲۔ یہ کہ اس پہلی صورت کے آخر میں "تا" زیادہ کر دو۔

۳۔ یہ کہ علامت مضارع کی جگہ "میم مکسور" لگا کر عین کلمہ کے بعد الف زیادہ کر و اور آخر میں تنوین کا اضافہ کرو، جیسے یَضرِبُ سے مِضرَبٌ (پہلی صورت) مِضرَبَۃٌ (دوسری صورت) مِضرَابٌ (تیسری صورت)

اسم آلہ کی گردان:

واحد	تثنیہ	جمع
مِفعَلٌ	مِفعَلَانِ	مَفَاعِلُ
مِفعَلَۃٌ	مِفعَلَتَانِ	مَفَاعِلُ
مِفعَالٌ	مِفعَالَانِ	مَفَاعِیلُ
ایک آلہ کرنے کا	دو آلے کرنے کے	سب آلے کرنے کے

(3) ثلاثی، رباعی، مجرد اور مزید فیہ کی تعریف:

ثلاثی: اس کو کہتے ہیں جس میں تین حرف اصلی ہو، جیسے ضَرَبَ، نَصَرَ۔

رباعی: وہ ہے جس میں چار حروف اصلی ہو، جیسے بَعثَرَ، دَحرَجَ۔

مجرد: اس کو کہتے ہیں جس کے ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے نَصَرَ، ضَرَبَ ثلاثی مجرد ہے، اور بَعثَرَ، دَحرَجَ رباعی مجرد ہے۔

مزید فیہ: وہ جس کے ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں کوئی حرف زائد بھی ہو، جیسے اِجْتَنَبَ، اِسْتَقَرَّ ثلاثی مزید فیہ ہے اور تَسَرْبَلَ، تَزَنْدَقَ رباعی مزید فیہ ہے۔

السوال الثالث (الف)۔۔(۱) ثلاثی مجرد کے کتنے ابواب ہیں، نام اور مثال تحریر کریں۔ [۱۲]

(۲) "اَلنَّصر" مصدر صرف صغیر کی گردان لکھیں۔ [۱۰] (۳) "الاقتناص" مصدر سے صرف صغیر کی گردان لکھیں۔ [۱۱]

{جواب} امور مطلوبہ: (۱) ثلاثی مجرد کے ابواب کی تعداد، نام اور مثالیں (۲) "اَلنَّصرُ" سے مصدر صرف صغیر کی گردان (۳) الاقتناص مصدر سے صرف صغیر کی گردان

(1) ثلاثی مجرد کے ابواب کی تعداد، نام اور مثالیں:

ثلاثی مجرد کی چھ قسمیں ہیں، جس کو چھ ابواب کہتے ہیں اور وہ یہ ہیں: (۱) فَعَلَ یَفْعُلُ نَصَرَ یَنْصُرُ (۲) فَعَلَ یَفْعِلُ ضَرَبَ یَضْرِبُ (۳) فَعِلَ یَفْعَلُ سَمِعَ یَسْمَعُ (۴) فَعَلَ یَفْعَلُ فَتَحَ یَفْتَحُ (۵) فَعُلَ یَفْعُلُ کَرُمَ یَکْرُمُ (۶) فَعِلَ یَفْعِلُ حَسِبَ یَحْسِبُ

مثالیں:

(۱) نَصَرَ یَنْصُرُ، طَلَبَ یَطْلُبُ، دَخَلَ یَدْخُلُ (۲) ضَرَبَ یَضْرِبُ، غَسَلَ یَغْسِلُ، ظَلَمَ یَظْلِمُ

(۳) سَمِعَ یَسْمَعُ، عَلِمَ یَعْلَمُ، فَهِمَ یَفْهَمُ (۴) فَتَحَ یَفْتَحُ، مَنَعَ یَمْنَعُ، صَنَعَ یَصْنَعُ

(۵) کَرُمَ یَکْرُمُ، قَرُبَ یَقْرُبُ، بَعُدَ یَبْعُدُ (۶) حَسِبَ یَحْسِبُ

(2) "اَلنَّصر" سے مصدر صرف صغیر کی گردان:

نَصَرَ، یَنْصُرُ، نَصراً فهو نَاصِرٌ وَنُصِرَ، یُنْصَرُ، نَصراً، فهو مَنْصُوْرًا الامر منه اُنْصُرْ والنهی عنه لَا تَنْصُرْ

الظرف منه مَنْصَرٌ والآلۃ منه مِنْصَرٌ افعل التفضیل منه اَنْصَرُ المؤنث منه نُصْرٰی

(3) الاقتناص مصدر سے صرف صغیر کی گردان:

اِقْتَنَصَ، یَقْتَنِصُ، اِقْتِنَاصًا فهو مُقْتَنِصٌ وَاُقْتُنِصَ یُقْتَنَصُ اِقْتِنَاصًا فهو مُقْتَنَصٌ الامر منه اِقْتَنِصْ والنهی عنه لَا تَقْتَنِصْ۔

السؤال الثالث (الف)۔۔(۱) ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے کل کتنے ابواب ہیں؟ صرف نام اور مثال تحریر کریں۔[۱۲]

(۲) تَجَلْبَبَ سے صرف صغیر کی گردان لکھیں۔[۱۰]

(۳) اہل صرف کی اصطلاح میں الحاق کسے کہتے ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔ نیز یہ بھی بتائیں کہ ملحق بہ رباعی کے کتنے ابواب ہیں؟[۱۱]

{جواب} امور مطلوبہ:(۱) ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے کل ابواب، نام اور مثالیں (۲) تَجَلْبَبَ سے صرف صغیر کی گردان (۳) اہل صرف کی اصطلاح میں الحاق کا معنی اور مثالوں سے وضاحت، نیز ملحق بہ رباعی مجرد کے ابواب کی تعداد

(1) ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل. کے کل ابواب، نام اور مثالیں:

یہ جز ۱۴۳۵ھ /2014 کے سوال ثالث (الف) میں گزر چکا ہے۔

(2) تَجَلْبَبَ سے صرف صغیر کی گردان :

تَجَلْبَبَ يَتَجَلْبَبُ تَجَلْبُبًا فَهُوَ مُتَجَلْبِبٌ الامر منه تَجَلْبَبْ والنهی عنه لَاتَتَجَلْبَبْ۔

(3) اہل صرف کی اصطلاح میں الحاق کا معنی اور مثالوں سے وضاحت، نیز ملحق بر باعی مجرد کے ابواب کی تعداد:

اہل صرف کی اصطلاح میں الحاق کا معنی اور مثالیں:

واضح ہو کہ اہل صرف کی اصطلاح میں الحاق یہ ہے کہ کلمہ میں ایک حرف زیادہ کر کے دوسرے کلمہ کے وزن کرلیں پس ملحق بہ رباعی وہ مزید فیہ ہے جو رباعی کے ہم وزن ہو مگر الحاق کی شرط یہ ہے کہ "ملحق" اور "ملحق بہ" کا مصدر باہم مطابق ہو، پس أَكْرَمَ يُكْرِمُ اگر چہ بظاہر دَحْرَجَ يُدَحْرِجُ کے وزن پر ہے۔ مگر چونکہ مصدر دونوں کا مختلف ہے، اس أَكْرَمَ کو ملحق بہ رباعی نہیں کہہ سکتے۔

ملحق بہ رباعی کے سات باب ہیں:

۱۔ فَعْلَلَةٌ جیسے جَلْبَبَہ ۲۔ فَعْنَلَةٌ جیسے قَلْنَسَہ ۳۔ فَوْعَلَةٌ جیسے جَوْرَبَہ ۴۔ فَعْوَلَةٌ جیسے سَرْوَلَہ ۵۔ فَيْعَلَةٌ جیسے شَيْطَنَہ ۶۔ فَعْيَلَةٌ جیسے شَرْيَفَہ ۷۔ فَعْلَاةٌ جیسے قَلْسَاةٌ۔

۲۰۱۸/۱۴۳۹ء

الورقة الرابعة فی الصرف

السوال الاوّل (الف)

(۱) مجرد اور مزید فیہ کی تعریف ومثال ذکر کیجئے [۸] (۲) نَصَرَ یَنْصُرُ " اور کَرُمَ یَکْرُمُ '' سے صرف صغیر بمعہ اعراب لکھئے [۹] (۳) ثلاثی مجرد اور مزید فیہ کے کتنے ابواب ہیں؟ اور کون کون سے ہیں؟ [۷] (۴) ''الاجتناب'' اور '' الاستفسار'' سے صرف صغیر لکھئے [۹]

الجواب عن السوال الاوّل (الف) مجرد اور مزید فیہ کی تعریف ومثال:

مجرد: اس کو کہتے ہیں کہ جسکے ماضی کے صیغہ واحد مذکر غائب میں کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے نَصَرَ، ضَرَبَ ثلاثی مجرد ہے۔ اور بَعْثَرَ۔ دَحْرَجَ رباعی مجرد ہیں۔

مزید فیہ۔ وہ ہے جسکے ماضی کے صیغہ واحد مزکر غائب میں کوئی حرف زائد بھی ہو جیسے اِجْتَنَبَ۔ اِسْتَنْصَرَ ثلاثی مزید فیہ ہے اور تَسَرْبَلَ۔ تَزَنْدَقَ رباعی مزید فیہ ہے۔

''نَصَرَ یَنْصُرُ'' اور کَرُمَ یَکْرُمُ سے صرف صغیر:

نَصَرَ یَنْصُرُ نَصْرًا فَهُوَ نَاصِرٌ وَنُصِرَ یُنْصَرُ نَصْرًا فَهُوَ مَنْصُوْرٌ اَلْاَمْرُ مِنْهُ اُنْصُرْ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لَا تَنْصُرْ اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَنْصَرٌ وَالْاٰلَةُ مِنْهُ مِنْصَرٌ اَفْعَلُ التَّفْضِیْلُ مِنْهُ اَنْصَرُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ نُصْرٰی۔

کَرُمَ یَکْرُمُ کَرْمًا فَهُوَ کَرِیْمٌ اَلْاَمْرُ مِنْهُ اُکْرُمْ وَالنَّهْیُ عَنْهُ لَا تَکْرُمْ اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَکْرَمٌ وَالْاٰلَةُ مِنْهُ مِکْرَمٌ اَفْعَلُ التَّفْضِیْلِ مِنْهُ اَکْرَمُ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ کُرْمٰی

ثلاثی مجرد اور مزید فیہ کے ابواب:

ثلاثی مجرد کی چھ قسمیں ہیں جسکو چھ باب کہتے ہیں اور وہ یہ ہیں۔

(۱) فَعَلَ یَفْعُلُ جیسے نَصَرَ یَنْصُرُ (۲) فَعَلَ یَفْعِلُ جیسے ضَرَبَ یَضْرِبُ

(۳) فَعِلَ یَفْعَلُ جیسے سَمِعَ یَسْمَعُ (۴) فَعَلَ یَفْعَلُ جیسے فَتَحَ یَفْتَحُ

...فَعُلَ یَفْعُلُ جیسے کَرُمَ یَکْرُمُ (٦) فَعِلَ یَفْعِلُ جیسے حَسِبَ یَحْسِبُ

...ثی مزید فیہ: دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک ثلاثی مزید با ہمزہ وصل۔ دوسری ثلاثی مزید بے ہمزہ وصل۔ ثلاثی
...زید با ہمزہ وصل کے نو باب ہیں اور وہ یہ ہیں۔

...افْتِعَالٌ (اِجْتِنَابٌ) (٢) اِسْتِفْعَالٌ (اِسْتِنْصَارٌ) (٣) اِنْفِعَالٌ (اِنْفِطَارٌ) (٤) اِفْعِلَا لٌ
...احْمِرَارٌ) (٥) اِفْعِلَالٌ (اِدْهِمَامٌ) (٦) اِفْعِيْعَالٌ (اِخْشِيْشَانٌ) (٧) اِفْعِوَّالٌ (اِجْلِوَّاذٌ) (٨) اِفَّا
...عُلٌ (اِثَّاقُلٌ) (٩) اِفَّعُّلٌ (اِطَّهُّرٌ)

...ثی مزید فیہ: بے ہمزہ وصل کے پانچ باب آتے ہیں اور وہ یہ ہیں۔

...اِفْعَالٌ (اِکْرَامٌ) (٢) تَفْعِیْلٌ (تَصْرِیْفٌ) (٣) تَفَعُّلٌ (تَقَبُّلٌ) (٤) مُفَاعَلَةٌ (مُقَاتَلَةٌ) (٥)
...فَاعُلٌ (تَقَابُلٌ)

...)"اَلاِجْتِنَابُ" اور "اَلاِسْتِفْسَارُ" سے صرف صغیر:

...اِجْتَنَبَ یَجْتَنِبُ اِجْتِنَاباً فَهُوَ مُجْتَنِبٌ وَاُجْتُنِبَ یُجْتَنَبُ اِجْتِنَاباً فَهُوَ مُجْتَنَبٌ
...الامر منه اِجْتَنِبْ والنهی عنه لَا تَجْتَنِبْ

...اِسْتَفْسَرَ یَسْتَفْسِرُ اِسْتِفْسَارًا فَهُوَ مُسْتَفْسِرٌ وَاُسْتُفْسِرَ یُسْتَفْسَرُ اِسْتِفْسَارًا فَهُوَ
...مُسْتَفْسَرٌ الامر منه اِسْتَفْسِرْ والنهی عنه لَا تَسْتَفْسِرْ

(یا)

...ب)(١) "اِخْشِیْشَانٌ" اور "اَلاِدَّارُكُ" کے ابواب کے نام لکھیں [٨] (٢) اَکْرِمْ "کا وصلی ہے یا قطعی
...؟[٤] (٣) ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے کتنے ابواب ہیں؟ ان کے کیا نام ہیں؟ [٩] (٤) اَلاِذْهَابُ" اور
"...تَزَلْزُلٌ" سے صرف صغیر لکھیے [٩]

...واب عن السوال الثانی (ب) (١) اِخْشِیْشَانٌ باب اِفْعِیْعَالٌ سے اور اَلاِدَّارُكُ کے باب کا نام اِفَّاعُلٌ
...ہے۔ (٢) اَکْرِمْ کا ہمزہ قطعی ہے۔ (٣) ثلاثی مزید بے ہمزہ وصل کے ابواب اور انکے نام:

ثلاثی مزید بے ہمزہ وصل کے پانچ باب ہیں جنکے نام یہ ہیں۔

اِفْعَالٌ ، تَفْعِیْلٌ ، تَفَعُّلٌ ، مُفَاعَلَةٌ ، تَفَاعُلٌ

(۴) اَلْاِذْهَابُ اور تَسَرْبُلٌ سے صرف صغیر:

(۱) اَذْهَبَ یُذْهِبُ اِذْهَابًا فَهُوَ مُذْهِبٌ وَاُذْهِبَ یُذْهَبُ اِذْهَاباً فَهُوَ مُذْهَبٌ الامر منه اَذْهِبْ والنهی عنه لَا تُذْهَبْ

(۲) تَسَرْبَلَ یَتَسَرْبَلُ تَسَرْبُلاً فَهُوَ مُتَسَرْبِلٌ الامر منه تَسَرْبَلْ والنهی عنه لَا تَتَسَرْبَلْ

السوال الثانی (الف) (۱) الحاق کسے کہتے ہیں۔ اور اس کی کیا شرط ہے۔ [۸] (۲) ملحق بہ رباعی مجرد و ملحق بہ "تَدَحْرَجَ" کے نام لکھیں۔ [۸] (۳) "مَنَعَ" اور "اِجْتَنَبَ" سے فعل ماضی مثبت کی گردن بلا ترجمہ لکھے [۱۰] (۴) الفاظ ذیل کے معنی بیان کیجئے [۸] مَا كُتِبُوْا ، مَا اجْتَنَبُوْا ، مَنَعْتُمْ ، تُرِکَ ، عَلِمْتُنَّ

الجواب عن السوال الثانی (الف) (۱) الحاق کی تعریف اور اسکی شرط:

یہ جز ۱۴۳۸/۲۰۱۷ کے سوال الثالث جز الف میں گزر چکا ہے۔

(۲) ملحق بہ رباعی مجرد اور ملحق بہ تدحرج کے نام:

(۱) ملحق برباعی مجرد کے ساتھ باب ہیں۔

فَعْلَلَةٌ ، فَعْنَلَةٌ ، فَوْعَلَةٌ ۔ فَعْوَلَةٌ ۔ فَیْعَلَةٌ ۔ فَعْیَلَةٌ ۔ فَعْلَاةٌ

(۲) ملحق بہ تدحرج کے بھی سات باب ہیں۔

تَفَعْلُلٌ ، تَفَعْنُلٌ ، تَفَوْعُلٌ ، تَفَعْوُلٌ ، تَفَیْعُلٌ ، تَفَعْیُلٌ ، تَفَعْل

(۳) مَنَعَ اور اجْتَنَبَ سے فعل ماضی مثبت کی گردان۔

یہ جز ۱۴۳۶/۲۰۱۵ کے سوال الاوّل (الف) میں گزر چکا ہے۔

(۴) الفاظ ذیل کے معنی: ۱) ان مردوں نے نہیں لکھا ۲) ان مردوں نے پرہیز نہیں کیا ۳) منع کیا تم سب مردوں نے ۴) چھوڑا گیا وہ ایک مرد ۵) جانا تم سب عورتوں نے۔

(یا)

(ب)(ا) فقرات ذیل کو عربی میں ادا کیجئے [۱۰]

(ا) میں نے جانا (۲) تم نے نہیں لکھا (۳) ان مردوں نے روکا (۴) اس نے لکھا (۵) تم سب مردوں نے پرہیز کیا۔

(۲) نون اعرابی کون کون سے صیغوں میں مفتوح اور کتنے صیغوں میں مکسور ہوتا ہے؟ [۹]

(۳) "یُسْمَعُ" اور "لَمْ یَکْتُبْ" سے پوری گردان بلاترجمہ لکھیے۔

(۴) فقرات ذیل کے معنی بتایں [۷] لَا یَسْمَعُوْنَ ، تَعْلَمِیْنَ ، یَمْنَعَانِ ۔ تَتْرُکْنَ ، اُکْتُبْ

الجواب عن السوال الثانی (ب)(ا)

فقرات ذیل کا عربی ترجمہ:-

(ا) عَلِمْتُ (۲) مَا کَتَبْتُمْ (۳) حَبَسَا (۴) کَتَبَ (۵) اِجْتَنَبُوْا

(۲) نون اعرابی کے مفتوح اور مکسور صیغے:-

ن اعرابی چار تثنیہ کے صیغوں میں مکسور ہوتا ہے اور دو جمع مذکر غائب و حاضر اور ایک واحد مونث حاضر کہ ان میں نون اعرابی مفتوح ہوتا ہے۔

(۳) یُسْمَعُ اور لَمْ یَکْتُبْ کی گردن:

(ا) یُسْمَعُ یُسْمَعَانِ یُسْمَعُوْنَ تُسْمَعُ تُسْمَعَانِ یُسْمَعْنَ تُسْمَعُ تُسْمَعَانِ تُسْمَعُوْنَ تُسْمَعِیْنَ تُسْمَعَانِ تُسْمَعْنَ اُسْمَعُ نُسْمَعُ۔

(۲) لَمْ یَکْتُبْ لَمْ یَکْتُبَا لَمْ یَکْتُبُوْا لَمْ تَکْتُبْ لَمْ تَکْتُبَا لَمْ یَکْتُبْنَ لَمْ تَکْتُبْ لَمْ تَکْتُبَا لَمْ تَکْتُبُوْا لَمْ تَکْتُبِیْ لَمْ تَکْتُبَا لَمْ تَکْتُبْنَ لَمْ اَکْتُبْ لَمْ نَکْتُبْ۔

(۴) فقرات ذیل کے معنی: ۱) لَا یَسْمَعُوْنَ نہیں سنتے یا نہیں سنے گے وہ سب مرد ۲) تَعْلَمِیْنَ جانتی ہے یا جانے گی تو ایک عورت ۳) یَمْنَعَانِ روکتے ہیں یا روکے گے وہ دو مرد ۴) تَتْرُکْنَ روکتیں ہیں یا روکیں گی تم سب عورتیں ۵) اُکْتُبُ لکھتا ہوں یا لکھونگا میں ایک مرد یا ایک عورت

السوال الثالث (الف)

(۱) لَنْ وَلَمْ لفظوں میں کیا عمل کرتے ہیں اور معنوں میں کیا؟ [۶] (۲) "يَتْرُكُ" سے لام تاکید بانون ثقیلہ معروف کی پوری گردان بلاترجمہ لکھئے [۱۲] (۳) ذیل کے صیغوں کے معنی بتائیں [۷] لَنْ تَفْعَلُوْ لَمْ تَسْمَعِيْ. لَنْ اَجْتَنِبَ. لَمْ يُعْلَمْ، لَنْ نَتْرُكَ لَمْ يَكْتُبُوْا. لَنْ تُمْنَعَا۔

(۴) فقرات ذیل کا عربی میں ترجمہ کریں۔ [۸] (۱) وہ ایک مرد ہر گز نہیں سنے گا ۲) وہ دو عورتیں ہر گز نہیں لکھیں گی۔ ۳) تم دو مردوں نے پرہیز نہیں کیا ۴) تو ایک ہر گز نہیں جانے گی ۵) ہم نے نہیں کیا ۶) میں نے نہیں چھوڑا ۷) تم نے پرہیز کیا۔

الجواب عن السوال الثالث (الف) (۱) لن ولم کا لفظی اور معنوی عمل:

لن ولم کا لفظی عمل یہ ہے کہ سات صیغوں سے نون اعرابی گراتے ہیں اور جن پانچ صیغوں کے آخر میں پیش آتا ہے تو لم پیش کی جگہ پر جزم اور لَنْ فتحہ دیتا ہے اور لن فعل مضارع کو خالص مستقبل کے معنیٰ میں کر دیتا ہے۔ اور لم فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔

۲) یترک سے لام تاکید بانون ثقیلہ معروف کی گردان:

لَيَتْرُكَنَّ لَيَتْرُكَانِّ لَيَتْرُكُنَّ لَتَتْرُكَنَّ لَتَتْرُكَانِّ لَيَتْرُكْنَانِّ لَتَتْرُكَنَّ لَتَتْرُكَانِّ لَتَتْرُكُنَّ لَتَتْرُكِنَّ لَتَتْرُكَانِّ لَتَتْرُكْنَانِّ لَاَتْرُكَنَّ لَنَتْرُكَنَّ۔

۳) ذیل کے صیغوں کے معنی:

۱) ہر گز نہیں کریںگے تم سب مرد ۲) نہیں سنا تو ایک عورت نے ۳) میں نے ہر گز پرہیز نہیں کیا ۴) نہیں جانا گیا وہ ایک مرد ۵) ہر گز نہیں چھوڑے گئے ہم سب مرد ۶) نہیں لکھا ان سب مردوں نے ۷) ہر گز نہیں روکا تم مردوں نے۔

۴) مندرجہ ذیل جملوں کا عربی ترجمہ کریں:

۱) لَنْ يَّسْمَعَ ۲) لَنْ تَكْتُبَا ۳) لَمْ تَجْتَنِبَا ۴) لَنْ تَعْلَمِيْ ۵) لَمْ نَفْعَلْ ۶) مَا تَرَكْتُ ۷) اِجْتَنَبْتُمْ

(ب) (۱) "لَا يَمْنَعُ" سے نہی معروف کی پوری گردان بلاترجمہ لکھئے [۱۰] (۲) لام تاکید اور لام امر میں کیا فرق ہے؟ [۸] (۳) درج ذیل صیغوں کا اُردو میں ترجمہ کریں [۵]

لَيَجْتَنِبَانِّ لَتَعْلَمُنَّ لَتَتْرُكُنَّ مَنَا صِيْرُ . لَنْ يُعْلَمَ

۴) مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔[۱۰]

(۱)ہم ضرور ضرور لکھیں گے۔ ۲) وہ سب مرد ضرور ضرور جائینگے ۳)تم سب عورتیں ضرور ضرور سنوگی۔ ۴) وہ ایک عورت ضرور ضرور چھوڑی جائیگی۔(۵) ضرور ضرور سنوں گا میں ایک مرد یا ایک عورت

الجواب عن السوال الثالث(ب)(۱)لَا يَمْنَعْ سے نہی معروف کی گردان:

لَا يَمْنَعْ لَا يَمْنَعَا لَا يَمْنَعُوْا لَا تَمْنَعْ لَا تَمْنَعَا لَا يَمْنَعْنَ لَا تَمْنَعْ لَا تَمْنَعَا لَا تَمْنَعُوْا لَا تَمْنَعِيْ لَا تَمْنَعَا لَا تَمْنَعْنَ لَا اَمْنَعْ لَا نَمْنَعْ۔

۲)لام تاکید اور لام امر میں فرق: یہ جز ۱۴۳۶/۲۰۱۵ کے سوال الثالث کے جز الف میں گزر چکا ہے۔

۳)درج ذیل صیغوں کا اُردو میں ترجمہ: ۱)ضرور ضرور پرہیز کرینگے وہ دو مرد ۲)ضرور ضرور جانے گی تم سب مرد ۳)ضرور ضرور چھوڑے گے تم سب مرد ۴) بہت جگہیں مدد کرنے کی ۵) ہرگز نہیں جانا جائیگا وہ ایک مرد۔

۴)مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ:

۱)لَنَكْتُبَنَّ ۲) لَيَذْهَبُنَّ ۳) لَتَسْمَعْنَانِّ ۴) لَتُتْرَكِنَّ ۵) لَاَسْمَعَنَّ

الورقة الرابعة فی الصرف

السوال الاوّل (الف)

(۱) ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ بیان کیجئے [٦] (۲) فعل مضارع کے وہ صیغے کونسے ہیں جن کے آخر میں نون اعرابی آتا ہے؟ [۱۰] (۳) "کَتَبَ" سے ماضی معلوم و مجہول کی گردان (بغیر ترجمہ) لکھئے [۸] (۴) عربی میں ترجمہ کیجئے میں نے نہیں روکا۔ ان عورتوں نے جانا، تم سب مرد لکھتے ہو۔ [۹]

الجواب عن السوال الاوّل (الف) (۱) ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ:- ماضی معروف کے صیغہ واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو اس کی حالت پر چھوڑدو اور آخر کے پاس والے حرف کو زیر دے دو۔ اگر زیر نہ ہو اور باقی جتنے حرکت والے حرف ہوں خواہ ایک ہو یا دو، سب کو پیش دے دو ماضی مجہول کا صیغہ واحد مذکر غائب بن جائیگا جیسے ضَرَبَ سے ضُرِبَ اور سَمِعَ سے سُمِعَ اور اَکْرَمَ سے اُکْرِمَ اور اِجْتَنَبَ سے اُجْتُنِبَ پھر باقی صیغے بنانے کا وہی طریقہ اختیار کرو جو ماضی معروف میں بیان ہوا۔

۲) فعل مضارع کے آخر میں نون اعرابی والے صیغے:- فعل مضارع کے وہ صیغے جن کے آخر میں نون اعرابی آتا ہے۔ سات ہیں تثنیہ مذکر غائب وحاضر تثنیہ مونث غائب وحاضر اور دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث حاضر ۳) کَتَبَ سے ماضی معلوم و مجہول کی گرادان:-

کَتَبَ کَتَبَا کَتَبُوْا کَتَبَتْ کَتَبَتَا کَتَبْنَ کَتَبْتَ کَتَبْتُمَا کَتَبْتُمْ کَتَبْتِ کَتَبْتُمَا کَتَبْتُنَّ کَتَبْتُ کَتَبْنَا

مجہول: کُتِبَ کُتِبَا کُتِبُوْا کُتِبَتْ کُتِبَتَا کُتِبْنَ کُتِبْتَ کُتِبْتُمَا کُتِبْتُمْ کُتِبْتِ کُتِبْتُمَا کُتِبْتُنَّ کُتِبْتُ کُتِبْنَا

۴) عربی میں ترجمہ:

۱) مَا مَنَعْتُ ۲) عَلِمْتَا ۳) تَکْتُبُوْنَ

(یا)

(ب) (۱) لَنْ و لَمْ لفظ اور معنی میں کیا عمل کرتے ہیں؟ [۸] (۲) لَنْ یَّسْمَعَ کی گردان (بغیر ترجمہ) پوری

تحریر کیجئے[۷] (۳) اُردو میں ترجمہ کیجئے لَمْ یَجْتَنِبُوْ . لَنْ اُسْمَعَ لَمْ اُسْمَعْ[۹] (۴) عربی میں ترجمہ کیجئے تم دو مردوں نے پرہیز نہیں کیا۔ تو ایک عورت ہزگر نہیں سنے گی۔ ہم نے نہیں لکھا۔

الجواب عن السوال الاوّل (ب) (ا) لَنْ وَلَمْ کا لفظی و معنوی عمل: یہ جز۱۴۳۹/۲۰۱۸ کے سوال ثالث کے جز(ا) میں گزرا ہے۔

۲) لَنْ یَّسْمَعَ کی گردان: لَنْ یَّسْمَعَ لَنْ یَّسْمَعَا لَنْ یَّسْمَعُوْا لَنْ تَسْمَعَ لَنْ تَسْمَعَا لَنْ یَّسْمَعْنَ لَنْ تَسْمَعَ لَنْ تَسْمَعَا لَنْ تَسْمَعُوْا لَنْ تَسْمَعِیْ لَنْ تَسْمَعَا لَنْ تَسْمَعْنَ لَنْ اَسْمَعُ لَنْ تَسْمَعَ

۳) اُردو میں ترجمہ:-

ا) اُن سب مردوں نے پرہیز نہیں کیا، میں ہر گز نہیں سنوں گا۔ میں نے نہیں سنا

۴) عربی میں ترجمہ:-

لَمْ تَجْتَنِبَا . لَنْ تَسْمَعَ . لَمْ نَكْتُبْ

السوال الثانی (الف)

(ا) ملحق برباعی کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں؟ تعداد اور نام لکھیے[۹] (۲) " القنطرة" سے صرف صغیر تحریر کیجئے[۸] (۳) اِسْمَعْ سے پوری گردان (بغیر ترجمہ) لکھئے[۸] نہی بنانے کا قاعدہ بیان کیجئے۔[۹]

الجواب عن السوال الثانی (الف)

(ا) ملحق برباعی مجرد کے ابواب کی تعداد اور نام:- ملحق برباعی مجرد کے سات باب ہیں۔

فَعْلَلَةٌ فَعْنَلَةٌ فَوْعَلَةٌ فَعْوَلَةٌ فَيْعَلَةٌ فَعْيَلَةٌ فَعْلَا ةٌ

(۲) القنطرة سے صرف صغیر:-

قَنْطَرَ يُقَنْطِرُ قَنْطَرَةً فَهُوَ مُقَنْطِرٌ وَقُنْطِرَ يُقَنْطَرُ قَنْطَرَةً فَهُوَ مُقَنْطَرٌ الامر منه قَنْطِرْ والنهى لَا تُقَنْطِرْ

(۳) اِسْمَعْ سے گردان:-

اِسْمَعْ اِسْمَعَا اِسْمَعُوْا اِسْمَعِیْ اِسْمَعَا اِسْمَعْنَ

(۴) نہی بنانے کا قاعدہ:۔
مضارع مثبت کے شروع میں لائے نہی لگادو اور جن پانچ صیغوں میں پیش ہے ان کو جزم دے اگر حرف علت نہ ہو جیسے لَا تَضْرِبْ لَا تَسْمَعْ لَا تَنْصُرْ اگر حرف علت ہو تو گرادو جیسے لَاتَدْعُ ، لَاتَرْمِ ، لَا تَخْشَ اور سات جگہ سے نون اعرابی گرادو اور نون جمع مونث کو رہنے دو۔ نون ثقیلہ و خفیفہ جس طرح مضارع میں آتا ہے ۔ نہی میں بھی آتا ہے لیکن امر کی طرح لام تاکید یہاں بھی نہیں آتا۔

(یا)

(ب)(۱) ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں؟ تعداد اور نام لکھیے[۹](۲) اَلْاِ سْلَامُ سے امر کی پوری گردان (بغیر ترجمہ) لکھئے (۳) اردو میں ترجمہ کیجئے لَتَجْتَنِبَانِّ ، لَتَعْلَمُنَّ لَتَسْمَعْنَّ [۹]
(۴) امر حاضر معلوم کا قاعدہ بیان کیجئے[۷]

الجواب عن السوال الثانی (ب)
(۱) ثلاثی مزید فیہ با ہمزہ وصل کے ابواب کی تعداد اور نام:۔
یہ سوال ۱۴۳۹/۲۰۱۸ کے السوال الاوّل (ب) جز(۳) میں گزرا ہے
(۲) اَلْاِسْلَامُ سے امر کی گردان:۔ اَسْلِمْ اَسْلِمَا اَسْلِمُوا اَسْلِمِیْ اَسْلِمَا اَسْلِمْنَ
(۳) اُردو میں ترجمہ:۔ ۱) ضرور ضرور پرہیز کرینگی تم دو عورتیں ۲) ضرور ضرور جانے گے تم سب مرد ۳) ضرور ضرور سنیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں۔
۴) امر حاضر معلوم کا قاعدہ:۔
یہ ہے کہ مضارع حاضر معلوم سے علامت مضارع کو گرادینے کے بعد اگر پہلا حرف متحرک ہو تو آخر سے ساکن کردو اگر حرف علت نہ ہو جیسے تُعَلِّمُ سے عَلِّمْ تَضَعُ سے ضَعْ سے اگر حرف علت ہو تو اسکو گرادو جیسے تَقِیْ سے قِ۔ اگر علامت مضارع دور کرنے کے بعد پہلا حرف ساکن رہتا ہے تو عین کلمہ کو دیکھو اگر عین کلمہ مفتوح ہے یا مکسور تو ھمزہ وصل مکسور لگادو اگر حرف علت نہ ہو جیسے تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ اور تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ اور اگر حرف علت ہو تو گرادو جیسے تَرْمِیْ سے اِرْمِ اور تَخْشٰی سے اِخْشَ اگر عین کلمہ مضموم ہے۔ تو ھمزہ وصل

مضموم شروع میں لگادو۔ اگر حرف علت نہ ہو جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ۔ اگر حرف علت ہو تو گرادو جیسے تَدْعُوْا سے اُدْعُ۔

السوال الثالث (الف)(۱) ثلاثی مزید فیہ باھمزہ وصل کے کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں؟ تعداد اور نام لکھیے [۸] (۲) "اَلْاِخْتِمَالُ" مصدر سے اسم فاعل کی گردان لکھئے [۸]

(۳) اسم فاعل بنانے کا قاعدہ بیان کیجئے [۸] (۴) اَعْلَمُوْنَ، سُمْعَیَاتٌ اَضَارِبُ کے معنی تحریر کیجیے [۹]

الجواب عن السوال الثالث (الف)(۱) ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل کے ابواب کی تعداداور انکے نام:-

یہ سوال ۱۴۳۶/۲۰۱۵ کے سوال ثالث کے جز (الف)(۱) میں گزر چکا ہے۔

(۲) اَلْاِخْتِمَالُ مصدر سے اسم فاعل کی گردان:-

مُخْتَمِلٌ، مُخْتَمِلَانِ مُخْتَمِلُوْنَ مُخْتَمِلَةٌ مُخْتَمِلَتَانِ مُخْتَمِلَاتٌ

(۳) اسم فاعل بنانے کا قاعدہ:-

یہ ہے کہ جب ماضی تین حرف کی ہو تو اسم فاعل کا صیغہ واحد مذکر فَاعِلٌ کے وزن پر آئے گا جیسے نَصَرَ سے نَاصِرٌ۔ ضَرَبَ سے ضَارِبٌ سَمِعَ سے سَامِعٌ اور ماضی کا پہلا صیغہ تین حروف سے زیادہ ہو تو اسم فاعل مضارع معروف سے اس طرح بناؤ کہ علامت مضارع کو دور کر کے اس کی جگہ میں میم مضموم لگاؤ اور آخر سے پہلے حرف کر زیر دے دو۔ اگر زیر نہ ہو۔ اور آخری حرف پر تنوین لگادو۔ جیسے یُکْرِمُ سے مُکْرِمٌ اور یَجْتَنِبُ سے مُجْتَنِبٌ یَتَقَبَّلُ سے مُتَقَبِّلٌ۔

(۴) مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی:-

زیادہ جاننے والے سب مرد، زیادہ سننے والی سب عورتیں، زیادہ مارنے والے سب مرد

(یا)

(ب)(۱) ثلاثی مجرد کے چھ باب کون کونسے ہیں؟ نام لکھئے [۶] (۲) "کَرُمَ یَکْرُمُ" اور "حَسِبَ یَحْسِبُ" سے صرف صغیر تحریر کیجئے [۷+۷] (۳) اسم ظرف بنانے کا قاعدہ بیان کیجئے [۷] (۴) اَلْاِزْمِھْرَارُ اور اَلْاِخْرِنْجَامُ ابواب کے نام بتائیں

الجواب عن السوال الثالث (ب)

(۱) ثلاثی مجرد کے ابواب کے نام:-

ثلاثی مجرد کی چھ قسمیں ہیں جسکو چھے باب کہتے ہیں اور وہ یہ ہیں۔
فَعَلَ يَفْعُلُ . فَعَلَ يَفْعِلُ فَعِلَ يَفْعَلُ . فَعُلَ يَفْعُلُ فَعِلَ يَفْعِلُ ۔
(۲) کَرُمَ اور حَسِبَ سے صرف صغیر:۔
كَرُمَ يَكْرُمُ كَرْمًا فَهُوَ كَرِيْمٌ الامر منه اُكْرُمْ والنهى عنه لَا تَكْرُمْ اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَكْرَمٌ.
(وَالْاٰلَةُ مِنْهُ مَكْرَمٌ افعل التفضيل منه اَكْرَمُ والمؤنث منه كُرْمٰى ۔
(۲) حَسِبَ يَحْسِبُ حَسْبًا فَهُوَ حَسِيْبٌ وَحُسِبَ يُحْسَبُ حِسَابًا فَهُوَ مَحْسُوْبٌ الامر منه اِحْسِبْ والنهى عنه لَا تَحْسِبْ الظرف منه مَحْسِبٌ والالة منه مِحْسَبٌ افعل التفضيل منه اَحْسَبُ والمونث منه حُسْبٰى
(۳) اسم ظرف بنانے کا قاعدہ:۔
سہ حرفی ماضی کے ظرف کو فعل مضارع کے صیغہ مذکر غائب سے اس طرح بناؤ کہ علامت مضارع دور کر کے اسکی جگہ میم مفتوح لگادو اور اگر عین کلمہ مضموم ہو تو اسکو زبر دے دو۔ اسکی حالت پر چھوڑ دو اور آخری حرف پر تنوین زیادہ کرو جیسے يَنْصُرُ سے مَنْصَرٌ .يَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ اور يَسْمَعُ سے مَسْمَعٌ جب ماضی حرفی ہو تو اسم ظرف و اسم مفعول دونوں ایک طرح کے ہونگے (۴) الازمہرار اور الاحرنجام کے باب کا نام:۔
الازمهرار . ادهيمام اور الاحرنجام افعيعال باب سے ہے۔

2020/۱۴۴۱

علم الصرف

السوال الاول (الف)(۱) فعل ماضی، مضارع، امر، نہی میں سے ہر ایک کی تعریف لکھیں۔[۱۰] (۲) ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ لکھیں اور اجتناب مصدر سے ماضی مجہول کی گردان لکھیں۔[۱۲](۳) درج ذیل اُردو جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔[۱۲]

ہم لکھتے ہیں۔ وہ سب مرد جانتے ہیں۔ میں روکتا ہوں۔ تم سب چھوڑتے ہو تو ایک عورت روکے گی ہو جانتے ہیں۔

الجواب عن السوال الاول (الف)(۱) فعل ماضی، مضارع، امر، نہی کی تعریفات: یہ جز ۱۴۳۸/2017 کے سوال اول (الف) میں گزر چکا ہے۔

نہی کی تعریف: اس فعل کو کہتے ہیں جس میں کسی کام سے روکا جائے جیسے لاتضرب تو مت مار۔

(۲) ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ۔ یہ جز ۱۴۴۰/ 2019 کے سوال اول (الف) میں گزر چکا ہے۔" اجتناب" مصدر سے ماضی مجہول کی گردان۔

(۱) أُجْتُنِبَ　(۲) أُجْتُنِبَا　(۳) أُجْتُنِبُوا　(۴) أُجْتُنِبَتْ　(۵) أُجْتُنِبَتَا　(۶) أُجْتُنِبْنَ

(۷) أُجْتُنِبْتَ　(۸) أُجْتُنِبْتُمَا　(۹) أُجْتُنِبْتُمْ　(۱۰) أُجْتُنِبْتِ　(۱۱) أُجْتُنِبْتُمَا　(۱۲) أُجْتُنِبْتُنَّ

(۱۳) أُجْتُنِبْتُ　(۱۴) أُجْتُنِبْنَا

(یا)

(ب)(۱) لَمْ فعل مضارع پر داخل ہو کر لفظوں اور معنوں میں کیا عمل کرتا ہے؟ وضاحت سے لکھیں۔[۱۲]

(۲) فعل مضارع معروف بنانے کا قاعدہ لکھیں[۱۲](۳) السمع مصدر سے نفی جحد بلم معروف کی گردان لکھیں [۱۰]

الجواب عن السوال الاول (ب) (۱) فعل مضارع میں لَمْ کا لفظی و معنوی عمل: جن پانچ صیغوں کے آخر میں پیش ہے ان کو جزم دیتا ہے اور سات صیغوں میں نون اعرابی کو گراتا ہے۔ جمع مؤنث کے غائب اور حاضر کے دونوں صیغوں میں لفظاً کوئی عمل نہیں کرتا اور مضارع فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنیٰ میں کر دیتا ہے۔

(۲) فعل مضارع کی معروف بنانے کا قاعدہ: یہ جز ۱۴۳۵/ 2014 کے سوال اول (الف) میں گزر چکا ہے۔

(۳) " السمع " مصدر سے نفی جحد بلم کی معروف گردان :

(۱) لَمْ يَسْمَعْ (۲) لَمْ يَسْمَعَا (۳) لَمْ يَسْمَعُوْ (۴) لَمْ تَسْمَعْ (۵) لَمْ تَسْمَعَا (۶) لَمْ يَسْمَعْنَ

(۷) لَمْ تَسْمَعْ (۸) لَمْ تَسْمَعَا (۹) لَمْ تَسْمَعُوا (۱۰) لَمْ تَسْمَعِيْ (۱۱) لَمْ تَسْمَعَا (۱۲) لَمْ تَسْمَعْنَ ۔

(۱۳) لَمْ اَسْمَعْ (۱۴) لَمْ نَسْمَعْ

السوال الثانی (الف) (۱) " لام تاکید بانو تاکید ثقیلہ " بنانے کا قاعدہ لکھیں [۲۰]

(۲) " يَجْتَنِبُ " سے لام تاکید بانون خفیفہ در فعل مستقبل معروف کی گردان لکھیں [۱۳]

الجواب عن السوال الثانی (الف) (۱) لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ کا قاعدہ۔ا۔ یہ جز ۱۴۳۶/2015 کے سوال ثانی (ب) میں گزر چکا ہے۔(۲) يَجْتَنِبُ سے لام تاکید بانون تاکید خفیفہ در فعل مستقبل معروف کی گرادن:

(۱) يَجْتَنِبَنْ (۲) يَجْتَنِبُنْ (۳) تَجْتَنِبَنْ (۴) تَجْتَنِبَنْ (۵) تَجْتَنِبُنْ (۶) تَجْتَنِبِنْ

(۷) اَجْتَنِبَنْ (۸) نَجْتَنِبَنْ

(یا)

(ب) (۱) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ لکھ کر " ترک يَتْرُكَ " سے امر حاضر معروف کی گرادن بھی لکھیں [۲۰]

(۲) درج ذیل فقرات کا اردو ترجمہ لکھیں [۱۳]

(ا) لَا تَمْنَعُوا (۲) لَا یَتْرُکْنَ (۳) لَا یَجْتَنِبَا (۴) لَا تَمْنَعِیْ (۵) لَا تَعْلَمَنَّ (۶) لَا تَتْرُکْنَانِّ

الجواب عن السوال الثانی (ب)

(ا) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ اور ترک یترک سے امر حاضر گردان: یہ جزء ۱۴۳۷/ 2016 کے سوال (الف) میں گزر چکا ہے۔

(۲) فقرات کا اُردو ترجمہ:

عربی	اُردو	عربی	اُردو
لَا تَمْنَعُوْا	مت روکو تم سب مرد	لَا تَمْنَعِیْ	نہ روک تو ایک عورت
لَا یَتْرُکْنَ	نہ چھوڑے وہ سب عورتیں	لَا تَعْلَمَنَّ	ہرگز نہ جانے گا تو ایک مرد
لَا یَجْتَنِبَا	پرھیز نہ کرے وہ دو مرد	لَا تَتْرُکْنَانِّ	ہرگز نہ چھوڑو گی تم سب عورتیں۔

السوال الثالث (الف) (ا) اسم فاعل اور اسم مفعول دونوں کے بنانے کے قاعدے اور گردان تحریر کریں [۱۷]

(۲) ثلاثی مجرد کے کل کتنے ابواب ہیں؟ مثالوں کے ساتھ لکھیں۔[۱۶]

الجواب عن السوال الثالث (الف) (ا) اسم فاعل اور اسم مفعول کے قاعدے اور گردان:

اسم فاعل بنانے کا طریقہ اور گردان مع ترجمہ ۱۴۳۸/ 2017 کے سوال ثانی (الف) میں گزر چکا ہے۔

اسم مفعول بنانے کا طریقہ اور گردان: جب ماضی سہ حرفی ہو تو اسم مفعول واحد مذکر مفعول کے وزن پر آئے گا علامت مضارع کو حذف کر کے میم مفتوح شروع میں لگائیں عین کلمہ کو ضمہ دے دیں آخر ما قبل واو لگا کر لام کو ضمہ دے دیں گے۔ جیسے نَصَرَ سے مَنْصُوْرٌ سَمِعَ سے مَسْمُوْعٌ اور اگر ماضی تین حرف سے زائد ہو تو اسم مفعول مضارع مجہول سے اس طرح بناؤ کہ علامت مضارع کو گرا کر اس کی جگہ میم مضموم لگاؤ اور آخر میں تنوین

بڑھا دو جیسے یُکْرِمُ سے مُکْرِمٌ یُخْتَنَبُ سے مُخْتَنَبٌ۔

(۲) ثلاثی مجرد کے ابواب مع امثلہ: یہ جز ۱۴۳۵ / 2014 کے سوال ثانی (الف) میں گزر چکا ہے۔

(یا)

(ب)(ا) اہل صرف کی اصطلاح میں "الحاق" کسے کہتے ہیں؟ نیز ملحق برباعی مجرد کے ابواب لکھیں [۱۷]

(۲) "اَلْعَسْکَرَۃُ" اور "الاِ قْمِطْرَار" سے صرف صغیر لکھیں [۱٦]

الجواب عن السوال الثالث (ب)(ا) الحاق کی تعریف اور ملحق برباعی مجرد کے ابواب۔ یہ جز ۱۴۳۸ / 2017 کے سوال ثالث (ب) میں گزر چکا ہے

(۲) اَلْعَسْکَرَۃُ اور الا قْمِطْرَار سے صرف صغیر کی گردان:

(اَلْعَسْکَرَۃُ) عَسْکَرَ . یُعَسْکِرُ عَسْکَرَۃً . فَهُوَ مُعَسْکِرٌ و عُسْکِرَ یُعَسْکَرُ عَسْکَرَۃً فَهُوَ مُعَسْکَرٌ الا مر منه عَسْکِرْ والنی عنه لا تُعَسْکِرْ (الا قمطرار) اِقْمَطَرَّ یَقْمَطِرُّ اِقْمِطْرَارٌ فَهُوَ مُقْمَطِرٌّ الا مر منه اِقْمَطِرَّ اِقْمَطِرِّ اِقْمَطْرِرْ والنهى عنه لا تَقْمَطِرَّ لَا تَقْمَطِرِّ لَا تَقْمَطْرِرْ

الورقۃ الرابعہ علم الصرف ۱۴۴۲/2021

السوال الاول (الف) فعل ماضی میں کتنے صیغے ہوتے ہیں ؟ وضاحت سے لکھیں [۱۰] (۲) ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ لکھیں [۱۴] (۳) فعل مضارع کے کن صیغوں کے آخر میں نون اعرابی ہوتا ہے ؟ صیغے متعین کریں [۱۰]

الجواب عن السوال الاول (امور مطلوبہ) (۱) فعل ماضی کے تمام صیغے (۲) ماضی مجہوم بنانے کا قاعدہ (۳) فعل مضارع میں نون اعرابی والے صیغے

(۱) فعل ماضی کے صیغہ جات ؛

فعل ماضی کے کل چودہ صیغے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں .

صیغہ جات	نام صیغہ جات	صیغہ جات	نام صیغہ جات
فعل	واحد مذکر غائب	فعلت	واحد مذکر حاضر
فعلا	تثنیہ مذکر غائب	فعلتما	تثنیہ مذکر حاضر
فعلو	جمع مذکر غائب	فعلتم	جمع مذکر حاضر
فعلت	واحد مونث غائب	فعلت	واحد مونث حاضر
فعلتا	تثنیہ مونث غائب	فعلتما	تثنیہ مونث حاضر
فعلن	جمع مونث غائب	فعلتن	جمع مونث حاضر
		فعلتُ	واحد مذکر ومونث متکلم
		فعلنا	تثنیہ جمع مذکر، مونث متکلم

(۲) ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ (۳) فعل مضارع کے نون اعرابی والے صیغے ۱۴۴۰/2019 سوال اول (الف) میں گزر چکے ہیں۔

(یا)

(ب) (۱) الف فاصل کسے کہتے ہیں ؟ [۸] (۲) نون خفیفہ کی گردان بنانے کا قاعدہ لکھیں [۱۰] "یجتنِبُ'' سے نون تاکید ثقیلہ معروف کی گردان لکھیں [۱۲]

الجواب عن السوال الاول (ب) امور مطلوبہ (۱) الف فاصل کی تعریف (۲) نون خفیفہ کی گردان بنانے کا طریقہ (۳) یجتنبُ سے نون تاکید ثقیلہ معروف کی گردان۔

(۱) الف فاصل کی تعریف

اس سے مراد وہ الف ہے جو نون جمع مونث اور نون تاکید ثقیلہ کو جدا کرنے کے لئے لایا جاتا ہے فاصل کے معنی جدا کرنے والا۔

(۲) نون خفیفہ کی گردان بنانے کا طریقہ :

نون خفیفہ کے آٹھ صیغے ہوتے ہیں واحد مذکر غائب، جمع مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، جمع مذکر حاضر، واحد مذکر حاضر، واحد مونث حاضر، واحد مذکر مؤنث متکلم، جمع مذکر ومونث متکلم۔

نون خفیفہ کی گردان بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ان تمام صیغوں کے شروع میں لام تاکید مفتوح لگایا جاتا ہے اور آخر میں نون خفیفہ لگایا جاتا ہے، نون خفیفہ معروف مضارع معروف سے اور نون خفیفہ مجہول مضارع مجہول سے بنایا جاتا ہے اس طرح کہ مضارع معروف کے شروع میں لام تاکید مفتوح اور آخر میں نون خفیفہ لگایا جاتا ہے، پانچ صغیوں واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر واحد مذکر، مؤنث متکلم اور جمع مذکر ومونث متکلم کے آخر ما قبل لام مفتوح ہوتا ہے جبکہ جمع مذکر غائب و حاضر دونوں میں واؤ جمع مذکر کے حذف ہونے کی وجہ سے آخر ما قبل لام مضموم ہوتا

ہے اور ایک صیغہ واحد مؤنث حاضر میں یائے ساکنہ کے حذف ہونے کی وجہ سے لام مکسور کر دیا جاتا ہے۔

(۳) "لیجتنبن" سے لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ کی گردان: یہ گردان ۱۴۳۷ھ/2016ء کے سوال اول (ب) میں گزر چکا ہے۔

السوال الثانی (الف) (۱) درج ذیل صیغوں کے معنی بتائیں [۱۵]

(۱) تَغْدِيْنَ (۲) نَمْنَعُ (۳) يَكْتُبْنَ (۴) لَتَغْدُنَّ (۵) لَتَتْرُكُنَّ

(۲) درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں [۱۸]

(۱) ہم روکتے ہیں (۲) تو ایک عورت روکے گی (۳) تم سب مرد چھوڑتے ہو (۴) میں ایک مرد ضرور ضرور سنوں گا (۵) وہ سب مرد ضرور ضرور جائیں گے۔

(۶) تم سب عورتیں ضرور پرہیز کرو گی۔

(۱) عربی صیغوں کا ترجمہ

صیغہ جات	ترجمہ
تَغْدِيْنَ	جاتی ہو یا جاؤ گی تو ایک عورت
نَمْنَعُ	روکتے ہیں یا روکے گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں
يَكْتُبْنَ	لکھتی ہیں یا لکھے گی وہ سب عورتیں
لَتَغْدُنَّ	ضرور ضرور جاؤ گے تم سب مرد
لَتَتْرُكُنَّ	ضرور ضرور چھوڑو گے تم سب مرد

(۲) اُردو جملوں کا ترجمہ

اُردو جملے	عربی ترجمہ
ہم روکتے ہیں	نَمْنَعُ
تو ایک عورت روکے گی	تَمْنَعِيْنَ
تم سب مرد چھوڑتے ہو	تَتْرُكُوْنَ
میں ایک مرد ضرور ضرور سنوں گا	لَأَسْمَعَنَّ
وہ سب مرد ضرور ضرور جائیں گے	لَيَذْهَبُنَّ
تم سب عورتیں ضرور پرہیز کروگی	لَتَجْتَنِبْنَانِّ

(یا)

(ب)(ا) درج ذیل صیغوں کے معنی بیان کریں [۱۵]

(۱) لِيَكْتُبُوا (۲) اِعْلَمُوْا..........وغیرہ

(۲) درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔ [۱۸]

(۱) تم لوگ ضرور لکھو (۲) چاہئے کہ دو عورتیں سنیں..........وغیرہ

(ا) عربی صیغوں کے معانی

صیغہ جات	ترجمہ	صیغہ جات	ترجمہ
لِيَكْتُبُوْا	چاہیے کہ لکھے وہ سب مرد	لَنْ يَّسْمَعَ	ہر گز نہیں سنے گا وہ ایک مرد
اِعْلَمُوْا	جانو تم سب مرد	لَمْ تَمْنَعْ	نہیں روکا اس ایک عورت نے
لِتَتْرُكُوا	چاہئے کہ چھوڑے جاؤ تم سب مرد		

(۲) اُردو جملوں کا عربی ترجمہ

اُردو جملے	عربی ترجمہ
تم لوگ ضرور لکھو	اُكْتُبُنَّ
چاہیئے کہ دو عورتیں سنیں	لِتَسْمَعَا
تو ایک مرد روک	اِمْنَعْ
ہرگز نہ چھوڑو تم سب مرد	لَا تَتْرُكُنَّ
ہرگز نہ سنیں وہ سب عورتیں	لَا يَسْمَعْنَانِّ
سب عورتیں پرہیز کرنے والی	مُجْتَنِبَاتٌ

السوال الثالث (الف) (۱) اسم مفعول کسے کہتے ہیں؟[۸] (۲) اسم مفعول بنانے کا قاعدہ لکھیں [۱۲]

(۳) مُتَفَكِّرٌ سے اسم فاعل کی گردان لکھیں [۱۳]

الجواب عن السوال الثالث (الف) امور مطلوبہ

(۱) اسم مفعول کی تعریف (۲) اسم مفعول بنانے کا قاعدہ (۳) مُتَفَكِّرٌ سے اسم فاعل کی گردان (۱) اسم مفعول کی تعریف

جو لفظ اس آدمی یا چیز کو بتائے جس پر کام واقع ہو اس کو "اسم مفعول" کہتے ہیں

(۲) اسم مفعول بنانے کا قاعدہ:

جب ماضی سہ حرفی ہو تو اسم مفعول واحد مذکر مفعول کے وزن پر آئے گا جیسے نَصَرَ سے مَنْصُوْرٌ ضَرَبَ سے مَضْرُوْبٌ سَمِعَ سے مَسْمُوْعٌ۔ اور اگر ماضی تین حرف سے زائد ہو تو اسم مفعول مضارع مجہول سے اس طرح بناؤ کہ علامات مضارع کو گرا کر اس جگہ میم مضموم لگاؤ اور آخر میں تنوین بڑھا دو جیسے يُكْرَمُ سے مُكْرَمٌ يُجْتَنَبُ سے مُجْتَنَبٌ. يُتَقَبَّلُ سے مُتَقَبَّلٌ

(۳) مُنْتَصِرٌ سے اسم فاعل کی گردان: مُنْتَصِرٌ، مُنْتَصِرَانِ، مُنْتَصِرُوْنَ مُنْتَصِرَةٌ، مُنْتَصِرَتَانِ مُنْتَصِرَاتٌ۔

السوال الثالث (ب) (۱) اسم تفضیل کسے کہتے ہیں ؟ [۸] (۲) اسم تفضیل بنانے کا قاعدہ لکھیں [۷]
(۳) "اَسْمَعُ" اور "اَعْلَمُ" سے اسم تفضیل کی گردانیں لکھیں [۱۲]

الجواب عن السوال الثالث (ب) امور مطلوبہ (۱) اسم تفضیل کی تعریف (۲) اسم تفضیل بنانے کا قاعدہ (۳) اَسْمَعُ اور اَعْلَمُ سے اسم تفضیل کی گردان

(۱) اسم تفضیل کی تعریف:

جو لفظ کسی کام کرنے والے کی بڑائی ظاہر کرے اس کو اسم تفضیل کہتے ہیں۔

(۲) اسم تفضیل بنانے کا قاعدہ: اسم تفضیل واحد مذکر ہمیشہ افعل کے وزن بنالو اور واحد مونث فعلی کے وزن پر جیسے اَکْبَرُ، کُبْرٰی، اَصْغَرُ صُغْرٰی جب ماضی سہ حرفی ہو تو اسم تفضیل نہیں آئے گا۔

(۳) اَسْمَعُ اور اَعْلَمُ کی گردانیں۔

اَسْمَعُ، اَسْمَعَانِ، اَسْمَعُوْنَ، اَسَامِعُ سَمْعٰی، سَمْعَیَانِ سَمْعَیَاتٌ، سُمَعٌ۔

اَعْلَمُ، اَعْلَمَانِ، اَعْلَمُوْنَ، اَعَالِمُ، عُلْمٰی، عُلْمَیَانِ، عُلْمَیَاتٌ، عُلَمٌ۔

الورقۃ الرابعہ فی الصرف ۱۴۴۳/2022

السوال الاول (الف) (۱) علم الصرف کی تعریف لکھیں [۱۲] (۲) نفی ، نہی ، فعل مجہول ، فعل متعدی کی تعریفات لکھیں [۱۲] (۳) حرف اصلی وحرف زائد کسے کہتے ہیں ؟ ایک ایک مثال سے واضح کیجئے [۱۰]

الجواب عن السوال الاول (الف) امور مطلوبہ (۱) علم الصرف کی تعریف (۲) نہی منفی وغیرہ کی تعریفات (۳) حرف اصلی وزائد کی تعریفات مع امثلہ

(۱) علم الصرف کی تعریف :

علم الصرف وہ علم ہے جس سے صیغوں کی پہچان حاصل ہوتی ہے اور لفظوں کو گردانے کا طریقے اور ایک صیغے سے دوسرا صیغہ بنانے کا قاعدہ معلوم ہوتا ہے۔

(۲) نفی ، نہی وغیرہ کی تعریفات :

نفی: فعل کے نہ ہونے کو نفی یا منفی کہتے ہیں جیسے مَاضَرَبَ یا لَا یَضْرِبُ۔

نہی: اس فعل کو کہتے ہیں جس میں کسی کام سے روکا جائے جیسے لَاتَضْرِبْ فعل مجہول : وہ فعل ہے جس کے کرنے والا معلوم نہ ہو ضُرِبَ عَمْرٌو (عمرو مارا گیا)

فعل متعدی : وہ فعل ہے جو فاعل ومفعول دونوں پر پورا ہو جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ عمروا۔

(۳) حروف اصلی وزائد کی تعریفات : یہ جز ۱۴۳۷/2016 کے سوال اول (الف) میں گزر چکا ہے۔

(یا)

(ب) (۱) یَتْرُکُ سے نون ثقیلہ وخفیفہ کی گردان لکھیں [۱۴](۲) لام تاکید اور لام امر میں کیا فرق ہے ؟[۲۰] (۳) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ لکھے [۱۰]

الجواب عن السوال الاول (ب) امور مطلوبہ () یترک سے نون ثقیلہ وخفیفہ کی گردان (۲) لام امر میں فرق (۳) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ:

(۱) یَتْرُکُ سے نون ثقیلہ وخفیفہ کی گردان؛

نون ثقیلہ کی گردان (الترک)

(۱) لَیَتْرُکَنَّ۔ (۲) لَیَتْرُکَانِّ (۳) لَیَتْرُکُنَّ (۴) لَتَتْرُکَنَّ (۵) لَتَتْرُکَانِّ (۶) لَیَتْرُکْنَانِّ

(۷) لَتَتْرُکَنَّ (۸) لَتَتْرُکَانِّ (۹) لَتَتْرُکُنَّ (۱۰) لَتَتْرُکِنَّ (۱۱) لَتَتْرُکَانِّ (۱۲) لَتَتْرُکْنَانِّ

(۱۳) لَاَتْرُکَنَّ (۱۴) لَنَتْرُکَنَّ۔

نون خفیفہ کی گردان (الترک)

(۱) لَیَتْرُکَنْ (۲) لَیَتْرُکُنْ (۳) لَتَتْرُکَنْ (۴) لَتَتْرُکَنْ (۵) لَتَتْرُکُنْ (۶) لَتَتْرُکِنْ

(۷) لَاَتْرُکَنْ (۸) لَنَتْرُکَنْ

(۲) لام تاکید اور لام امر میں فرق: یہ جز ۱۴۳۶/ 2015 کے سوال ثالث (الف) میں گزر چکا ہے۔

(۳) امر حاضر معروف بنانے کا قاعدہ: یہ جز ۱۴۳۵/ 2014/ کے سوال ثالث (ب) میں گزر چکا ہے۔

السوال الثانی (الف) (۱) درج ذیل صیغوں کی شناخت کیجئے اور معنی بھی لکھیں [۱۸]

(۱) یَکْتُبْنَ (۲) اِجْتَنِبْنَ۔۔۔۔۔۔۔۔وغیرہ

(۲) درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجئے اور اعراب بھی لگائیے [۱۵]

(۱) تم سب عورتیں نہیں چھوڑی گئیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔وغیرہ

الجواب عن السوال الثانی (الف) امور مطلوبہ (۱) عربی صیغوں کی شناخت اور معانی (۲) جملوں کا عربی ترجمہ اور اعراب۔

(۱) صیغوں کی پہچان اور معانی :

صیغہ جات	نام صیغۂ جات	معانی صیغہ جات
یَکْتُبْنَ	صیغہ جمع مونث غائب مضارع معروف	لکھتی ہیں یا لکھے گی وہ سب عورتیں
اِجْتَنِبَنَّ	صیغہ واحد مذکر حاضر بانون ثقیلہ	ضرور پرہیز کر تو ایک مرد
لَمْ یَعْلَمْ	واحد مذکر غائب نفی جحد بلم	نہیں جانا اس ایک مرد نے
لَنْ یَفْعَلُوْ	جمع مذکر غائب نفی تاکید جحد بلن	ہر گز نہیں کریں گے وہ سب مرد
لَیَجْتَنِبْنَانِّ	جمع مونث غائب بہ نون تاکید ثقیلہ	ضرور ضرور پرھیز کریں گی وہ سب عورتیں
لَمْ یُتْرَکْنَ	جمع مونث غائب نفی جحد بہ لم مضارع مجہول	نہیں چھوڑی گئیں وہ سب عورتیں

(۲) عربی ترجمہ اور اعراب :

اُردو جملے	عربی ترجمہ مع اعراب
تم سب عورتیں نہیں چھوڑی گئیں	لَمْ تُتْرَکْنَ
وہ سب مرد ضرور ضرور روکیں گے	لَیَمْنَعُنَّ
میں ہر گز نہیں لکھوں گا	لَنْ اَکْتُبَ
ھم نے نہیں لکھا	لَمْ نَکْتُبْ

وہ سب مرد جانتے ہیں	يَعْلَمُوْنَ

(یا)

(ب) درج ذیل صیغوں کا اُردو میں ترجمہ کیجئے [۱۸]

(۱) اُتْرُكْنَّ ۲۰) لا يَفْعَلَا۔۔۔۔۔۔۔۔وغیرہ (۲) درج ذیل کا عربی میں ترجمہ کیجئے [۱۵]

(۱) تم دو عورتوں نے جانا (۲) وہ سب عورتیں سنیں گے وغیرہ

الجواب عن السوال الثانی (ب) امور مطلوبہ (۱) اُردو ترجمہ (۲) عربی ترجمہ

(۱) اُردو ترجمہ :

صیغہ جات	معانی	صیغہ جات	معانی
اُتْرُكِنَّ	ضرور چھوڑ تو ایک عورت	تَارِكَاتٌ	چھوڑنے والی سب عورتیں
لا يَفْعَلَا	نہ کریں وہ دو مرد	مَنْصُوْرَانِ	مدد کئے ہوئے دو مرد
عَلِمْتَا	جانا ان دو عورتوں نے	لَنْ تُمْنَعْنَ	ہر گز نہیں روکی جاؤگی تم سب عورتیں

السوال الثالث (الف) (۱) اسم ظرف بنانے کا طریقے لکھیں [۱۲](۳) اسم آلہ کی تعریف لکھیں [۸] (۳) اَمْنَعُ سے اسم تفضیل کی گردان مع اعراب لکھیں [۱۳]

الجواب عن السوال الثالث (الف) امور مطلوبہ (۱) اسم ظرف بنانے کا طریقہ (۲) اسم آلہ کی تعریف (۳) اَمْنَعُ سے اسم تفضیل کی گردان

(۱) اسم ظرف بنانے کا طریقہ : یہ جز ۱۴۴۰/ 2019 کے سوال ثالث (ب) میں گزر چکا ہے

(۲) اسم آلہ کی تعریف: یہ جز ۱۴۳۸/2017 کے سوال ثانی (ب) میں گزر چکا ہے۔

(۳) اَمْنَعُ سے اسم تفضیل کی گردان مع اعراب

(۱) اَمْنَعُ (۲) اَمْنَعَانِ (۳) اَمْنَعُوْنَ (۴) اَمَانِعُ (۵) مُنْعیٰ (۶) مُنْعَیَانِ (۷) مُنْعَیَاتٌ (۸) مُنَعٌ

(یا)

(ب) (۱) التعجیل و صدر سے صرف صغیر لکھیے [۱۸] (۲) ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے ابواب کے نام مع ایک ایک مثال کے لکھیے [۱۰] (۳) ملحق برباعی مجرد کے ابواب میں سے صرف ایک باب کا نام مع مثال لکھیے [۵]

الجواب (۱) التعجیل و صدر کی صرف صغیر الجواب عن السوال الثالث (ب) امور مطلوبہ (۲) ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے ابواب کے نام (۳) ملحق برباعی مجرد کے ایک باب کا نام مع مثال

(۱) التعجیل وصدر سے صرف صغیر:

عَجَّلَ يُعَجِّلُ تَعْجِيلًا فَهُوَ مُعَجِّلٌ وعُجِّلَ يُعَجَّلُ تَعْجِيلاً

فَهُوَ مُعَجَّلٌ . الامرمنه عَجِّلْ والنهى عنه لَا تُعَجِّلْ

(۲) ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے ابواب کے نام: یہ جز ۱۴۳۹/2018 کے سوال اول (الف) میں گزر چکا ہے۔

(۳) ملحق برباعی مجرد کے ابواب میں ایک باب کا نام اور مثال۔ یہ جز ۱۴۳۸ 2017/ کے سوال ثالث (ب) میں گزر چکا ہے۔